www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | بدھ، 18 مارچ 2026ء بمطابق 28 رمضان 1447ھ | شمارہ 234 | قیمت 10 روپے

حکومت کا منی لانڈرنگ اور حوالہ ہنڈی کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن

وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں منی لانڈرنگ اور حوالہ ہنڈی مافیا کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا

رقوم صرف بینکنگ اور دیگر قانونی چینلز کے ذریعے بیرون ممالک بھجوائی جاسکیں گی، منی چینجرز کے ذریعے رقوم کی ترسیل کے عمل کو بھی اسٹریم لائن کیا جائے گا

اجلاس میں گورنر اسٹیٹ بینک نے بینکنگ چینلز کے ذریعے رقوم کی ترسیل کے نظام پر بریفنگ دی جبکہ ڈی جی ایف آئی اے، گورنر اسٹیٹ بینک اور وفاقی سیکرٹری خزانہ نے بھی شرکت کی

لاہور (ویب ڈیسک) حکومت نے منی لانڈرنگ اور حوالہ ہنڈی کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیرصدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں منی لانڈرنگ اور حوالہ ہنڈی مافیا کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں طے پایا کہ غیر قانونی ذرائع سے بیرون ممالک رقوم بھجوانے والے بڑے کاروباری افراد اور اداروں کے خلاف شکنجہ سخت کیا جائے گا اور اس ضمن میں کسی بھی بڑے فرد یا ادارے کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ رقوم صرف بینکنگ اور دیگر قانونی چینلز کے ذریعے بیرون ممالک بھجوائی جاسکیں گی جبکہ منی چینجرز کے ذریعے رقوم کی ترسیل کے عمل کو بھی اسٹریم لائن کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں بیرون ممالک رقوم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

وزیراعظم کی حالات کی بہتری تک تمام متعلقہ اداروں کو تیار رہنے کی ہدایت

تمام کابینہ ارکان نے رضاکارانہ طور تنخواہیں نہیں لیں، سرکاری محکموں کی تیل کی کٹوتی کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، بچت کے اقدامات سے موجودہ صورتحال میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی، بریفنگ

پاکستان کی پیٹرولیم درآمدات کی سپلائی چین کو بہتر بنانے کیلئے وزیرِ پیٹرولیم مزید متحرک ہوں، حالات کی بہتری تک تمام متعلقہ ادارے ہنگامی اقدامات کیلئے تیار رہیں، وزیرِ اعظم اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت خطے کی صورتحال کے پیش نظر ایندھن کی بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے نفاذ پر جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس کو کفایت شعاری اور بچت کے اقدامات پر عملدرآمد کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق وزیر اعظم کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، انٹیلی جنس بیورو تمام اقدامات پر عملدرآمد کی نگرانی رپورٹ پیش کرے گی، ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کا ضروریات کے مطابق مناسب ذخیرہ موجود ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کی پیٹرولیم درآمدات کی سپلائی چین کو بہتر بنانے کیلئے وزیرِ پیٹرولیم مزید متحرک ہوں، حالات کی بہتری تک تمام متعلقہ ادارے ہنگامی اقدامات کیلئے تیار رہیں۔ بریفنگ کے مطابق تمام صورتحال کی نگرانی کی جارہی ہے، اور پیٹرولیم مصنوعات کا ریکارڈ رکھا جارہا ہے، تاکہ کسی قسم کی بے قاعدگی کی فوری نشاندہی ہوسکے۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ تمام کابینہ ارکان نے رضاکارانہ طور تنخواہیں نہیں لیں، سرکاری محکموں کی تیل کی کٹوتی کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ بچت کے اقدامات سے موجودہ صورتحال میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی، ملکی ضروریات پوری کرنے کیلئے ملک میں ادویات کا مناسب ذخیرہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

حکومت کا یوم پاکستان کی پریڈ اور تقریبات منسوخ کرنے کا فیصلہ

اس دن کو وقار اور احترام کے ساتھ سادہ پرچم کشائی کی تقریبات کے ذریعے منایا جائے گا

تمام وزارتوں، ڈویژنز اور محکموں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس موقع کو سادگی اور پروقار طریقے سے منائیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے 23 مارچ 2026 کو ہونے والی یوم پاکستان کی پریڈ اور تقریبات منسوخ کر دیں۔ وزیراعظم آفس نے اعلامیہ جاری کر دیا جس کے مطابق خلیجی تیل بحران اور حکومت کی جانب سے اعلان کردہ کفایت شعاری اقدامات کے تناظر میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

وزیراعظم شہباز شریف کفایت شعاری کے اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کی تنظیم نو کی منظوری دیدی گئی

اجلاس کو PARC کو زرعی تحقیق کا جدید دور کی تقاضوں سے ہم آہنگ ایک فعال ادارہ بنانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

وزیراعظم کی چین کی اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز (CAAS) کے طرز پر زرعی تحقیق کے حوالے سے اعلی تحقیقاتی ادارہ بنانے کی ہدایت

بین الاقوامی شراکت داری، صوبائی حکومتوں کے ساتھ بہتر روابط، اور کارکردگی کے واضح اہداف اصلاحاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں

زرعی تحقیق کا ملک کے زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبے کی فروغ میں کلیدی کردار ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور پی اے آر سی کے امور پر اجلاس ہوا، اجلاس میں پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (پی اے آر سی) کی تنظیم نو کی اصولی منظوری دے دی گئی۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ "ٹائم لائن کے ساتھ پی اے آر سی کی تنظیم نو کا جامع پلان تیار کیا جائے،" وزیراعظم نے PARC کو چین کی اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز (CAAS) کے طرز پر زرعی تحقیق کے حوالے سے اعلی تحقیقاتی ادارہ بنانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی تحقیق کا ملک کے زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبے کی فروغ میں کلیدی کردار ہے۔ اجلاس کو PARC کو زرعی تحقیق کا جدید دور کی تقاضوں سے ہم آہنگ ایک فعال ادارہ بنانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ قومی غذائی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

ایران کے تجارت کیلئے مکمل سہولت فراہم کرنے پر شکرگزار ہیں، پاکستانی سفیر

ایران نے مشکل حالات میں پاکستان کی ایران کے ساتھ تجارت میں مکمل سہولت فراہم کی

ایران کے ذریعے ٹرانزٹ تجارت کے لیے بھی مکمل سہولت فراہم کی گئی، پاکستانی سفیر

تہران (ویب ڈیسک) ایران میں پاکستانی سفیر مدثر علی ٹیپو نے کہا ہے کہ پاکستان کو تجارت اور ٹرانزٹ تجارت کے لیے مکمل سہولت فراہم کرنے پر حکومت ایران کا شکرگزار ہوں۔ ایکس پر پاکستانی سفیر نے کہا ہے کہ ایران نے مشکل حالات میں پاکستان کی ایران کے ساتھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

رمضان المبارک کے دوران حیدرآباد کے لطیف آباد کپڑا مارکیٹ میں عید کی خریداری زور و شور سے جاری ہے

ملک تقسیم اور نفرت کا متحمل نہیں ہوسکتا، حالات کا ادارک کریں، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) (بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ قیدی کا بیٹوں سے بات نہ کرانا اور عورت قیدی کا ملاقات نہ کرانا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

کیماڑی موچکو کے علاقے میں فیکٹری میں آگ لگنے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے

ایرانی قوم اس وقت ڈٹ گئی ہے، یہ سب کیلئے مشعل راہ ہے، سلمان اکرم راجہ

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) (رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہم اسرائیل اور امریکا کی ایران پر جارحیت کے خلاف کھڑے ہیں۔ راولپنڈی میں اڈیالہ ناکے پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

اسرائیل کا علی لاریجانی کو شہید کرنیکا دعوی، ایران کی تردید

ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری علی لاریجانی کا ہاتھ سے لکھا پیغام سوشل میڈیا پر جاری

تل ابیب (ویب ڈیسک) اسرائیل کے وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے دعوی کیا ہے کہ ایران کے سیکیورٹی چیف علی لاریجانی ایک کارروائی میں شہید ہو گئے ہیں۔ اسرائیلی حکام کے مطابق یہ کارروائی حالیہ حملوں کے دوران کی گئی، تاہم اس کی مزید تفصیلات فوری طور پر سامنے نہیں آ سکیں۔ دوسری جانب اس دعوے پر ایران کی طرف سے تاحال کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا ہے، جس کے باعث اس خبر کی آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہوسکی۔ واضح رہے کہ ایران اور اسرائیل کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

جنگوں کا فیصلہ سوشل میڈیا پر نہیں میدانِ جنگ میں ہوتا ہے، پاسدارانِ انقلاب

پاسداران انقلاب کی اسرائیل اور امریکی اہداف پر حملوں کی 58 ویں لہر شروع کر دی گئی

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی پاسداران انقلاب کے ترجمان ابراہیم ذوالفقاری کا کہنا ہے کہ جنگوں کا فیصلہ سوشل میڈیا پر نہیں بلکہ میدان جنگ میں ہوتا ہے۔ جنگ کے مطابق ایک بیان میں ابراہیم ذوالفقاری نے کہا کہ امریکی آپریشن کا نام ایپک فیوری کے بجائے ایپک فیئر ہونا چاہیے۔ دوسری جانب ایک بیان میں ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ علاقائی سلامتی کو پائیدار ہونا چاہیے، اسے باہر سے نافذ نہیں کیا جانا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

پاکستان نے رابطہ کیا تو سستا تیل دینگے، روسی سفیر

ڈونلڈ ٹرمپ کی فوجی پالیسیوں پر دنیا حیران ہے اور یہ کہنا مشکل ہے کہ موجودہ کشیدگی کب اور کیسے ختم ہوگی، کیونکہ حالات کافی پیچیدہ ہیں

خریداری کے لیے روس سے کوئی رابطہ نہیں کیا، توانائی کا شعبہ پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں نہایت اہم حیثیت رکھتا ہے

روس پاکستان کو تیل فروخت کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور موجودہ حالات میں پاکستان اس موقع سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی دارالحکومت میں تعینات روس کے سفیر البرٹ پی خوریف نے کہا ہے کہ اگر پاکستان روس سے باضابطہ رابطہ کرے تو اسے سستا تیل فراہم کیا جاسکتا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے بتایا کہ روس پاکستان کو تیل فروخت کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور موجودہ حالات میں پاکستان اس موقع سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ البرٹ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

ایندھن کی مارچ کی ضروریات مکمل، اپریل کیلئے بھی منصوبہ بندی کرلی، وزیر خزانہ

گھبراہٹ میں خریداری یا غیر ضروری ذخیرہ اندوزی کی کوئی ضرورت نہیں، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ایندھن کی دستیابی کے حوالے سے ملک کی پوزیشن تسلی بخش ہے۔ وزیر خزانہ کی زیرصدارت پیٹرولیم مصنوعات کی نگرانی سے متعلق قائم کابینہ کمیٹی کا اجلاس ہوا، بریفنگ میں بتایا گیا کہ مارچ کی ضروریات مکمل طور پر محفوظ کرلی گئی ہیں اور اپریل کیلئے بھی فراہمی یقینی بنانے کی منصوبہ بندی کی جاچکی ہے۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ عالمی منڈی سے سپلائی کے مزید ذرائع تلاش کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر سیکٹر محمد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

چین کا ایران، اردن، لبنان اور عراق کیلئے ہنگامی انسانی امداد فراہم کرنیکا اعلان

چین خطے میں انسانی بحران پر تشویش اور متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہے

چین جنگ بندی اور خطے میں امن کے لیے کوششیں جاری رکھے گا، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (ویب ڈیسک) چین نے مشرق وسطی میں جاری جنگ کے دوران ایران، اردن، لبنان اور عراق کے لیے ہنگامی انسانی امداد فراہم کرنے کا اعلان کر دیا۔ چینی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ امداد کا مقصد متاثرہ عوام کی مشکلات کم کرنا ہے، چین خطے میں انسانی بحران پر تشویش ....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

ایرانی صدر
امریکا اور اسرائیل کے سامنے ہرگز سرنڈر نہیں کریں گے

امریکی اڈوں کا استعمال کر کے ہمسایہ ممالک سے تعلقات خراب کی کوشش کی جارہی ہے، حملے کے خلاف دفاع ہر ملک کا فطری حق ہے

جب تک آئندہ حملے بند کرنے کی ضمانت نہیں ملتی جنگ ختم کرنے کی بات بے معنی ہے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی گفتگو

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران نے یہ جنگ شروع نہیں کی۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے فرانسیسی صدر میکرون سے گفتگو میں ایران کا مؤقف واضح کر دیا، انہوں نے کہا کہ حملے کے خلاف دفاع ہر ملک کا فطری حق ہے، اپنی سرزمین کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ خطے میں امریکی اڈوں کا ایران کیخلاف استعمال بند کیا جائے، امریکی اڈوں کا استعمال کر کے ہمسایہ ممالک سے تعلقات خراب کی کوشش کی جارہی ہے، صیہونی اور امریکی حملوں کو نظرانداز کر کے خطے میں امن ممکن نہیں۔ مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ ایران دھونس اور دباؤ کے آگے سرنڈر نہیں کرے گا، عالمی برادری ایران پر حملوں کی مذمت کرے، حملہ آوروں کو بین الاقوامی قوانین کا احترام ....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

وزیراعلیٰ سندھ نے بورڈ آف ریونیو سندھ اور سندھ انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی کے درمیان ای-اسٹیمپنگ پلیٹ فارم کی توسیع کیلئے دستخطی تقریب کی صدارت

بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ نثار کھوڑو اور وقار مہدی کا گروپ فوٹو

بلاول بھٹو سے پارٹی رہنماں کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر گفتگو

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پارٹی رہنماں نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ بلاول بھٹو زرداری سے نثار کھوڑو اور جنرل سیکرٹری وقار مہدی کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں تنظیمی و ....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

وفاقی وزیراعظم نذیر تارڑ سے روانڈا کی ہائی کمشنر کی ملاقات

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے جمہوریہ روانڈا کی ہائی کمشنر برائے پاکستان فاتحو ہاریریمانا نے اپنے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

وزیراعلیٰ سندھ
ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات عوام دوست حکومت کی بنیاد ہیں

یہ اصلاحات صوبے میں گورننس کو جدید بنانے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہیں اور مقصد شفافیت، کارکردگی اور عوام کے لیے آسان رسائی کو بہتر بنانا ہے

گزشتہ پانچ ماہ میں 7 لاکھ 30 ہزار سے زائد چالان پراسیس کیے جاچکے ہیں جبکہ ای-اسٹیمپنگ کے ذریعے 12.8 ارب روپے وصول کیے گئے، خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سید مراد علی شاہ کی زیرنگرانی وزیراعلیٰ ہاؤس میں ای-اسٹیمپنگ معاہدے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں سندھ میں ڈیجیٹل گورننس کو تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزرا ڈاکٹر عذرا پیچوہو، سردار شاہ، معاون خصوصی علی راشد، ترجمان سندھ حکومت بلند جونیجو، ندیم گبول، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، چیئرمین پی اینڈ ڈی نجم شاہ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو خالد حیدر شاہ سمیت اعلیٰ حکام شریک ہوئے۔ ای-اسٹیمپنگ کے لیے بورڈ آف ریونیو سندھ اور سندھ انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (SITC) کے درمیان معاہدہ طے پایا۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات شفاف، مؤثر اور عوام دوست حکومت کی بنیاد ہیں اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
مینیجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

صدر ٹرمپ کے مشیر کا بھی جنگ بندی کا مشورہ

امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری ہیں۔ امریکی بی ٹو بمبار طیاروں نے بھی حملوں کے لیے اپنے مشن کا آغاز کر دیا ہے۔ امریکی سنٹرل کمانڈ کے مطابق، ان حملوں کا مقصد ایران کے دوبارہ عسکری طاقت حاصل کرنے کی صلاحیت کو محدود کرنا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی فوج اور حکومت سے وابستہ عناصر کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور اپنے ملک کو مزید تباہی سے بچائیں۔ دوسری جانب، ایران نے سعودی عرب میں واقع پرنس سلطان ایئربیس کو میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ اسی دوران وائٹ ہاؤس کے ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے مشیر ڈیوڈ سیکس نے صدر ٹرمپ کو مشورہ دیا ہے کہ امریکا کو اپنی کارروائیوں کو کامیابی قرار دے کر ایران سے نکل جانا چاہیے۔ صدر ٹرمپ اس مشورے پر فی الحال کان دھرتے نظر نہیں آتے۔ روس کی جانب سے یہ پیشکش بھی سامنے آئی تھی کہ ایران میں موجود افزودہ یورینیم کو روس منتقل کر دیا جائے لیکن صدر ٹرمپ نے اس تجویز کو بھی مسترد کر دیا۔ ادھر، عالمی میڈیا کی بعض رپورٹس کے مطابق، امریکا دو ہفتوں کی کارروائیوں کے باوجود صورتحال پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا جبکہ ایران کی دفاعی حکمت عملی نے قیادت کو نقصان پہنچنے کے باوجود اپنے فوجی نظام کو فعال رکھا ہے۔ علاوہ ازیں، اس صورتحال میں کئی عالمی اداروں کا دوہرا معیار سامنے آیا ہے، جیسے ہیومن رائٹس واچ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ امریکا کا ایرانی اسکول پر حملہ جنگی قوانین کی خلاف ورزی ہے اور اسے محض غلطی قرار دے کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان حالات میں مغربی میڈیا اور ادارے ایک بار پھر بے نقاب ہو رہے ہیں۔ یہ ان کا منافقانہ طرزِ عمل ہے کہ جہاں اسرائیل یا امریکا کی جانب سے دہشت گردی ہوتی ہے وہاں نہ تو اسے دہشت گردی کہا جاتا ہے اور نہ ہی کھل کر یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ ان واقعات کے نتیجے میں انسانی المیہ جنم لے رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکا کی طرف سے سکول پر کی گئی بمباری واضح طور پر جنگی جرم ہے جس پر مغربی میڈیا اور بعض ادارے مخصوص الفاظ اور اصطلاحات کے ذریعے پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ میں جاری جنگ کی وجہ سے دنیا تباہی کی طرف بڑھ رہی ہے، اس جنگ کو رکوانے کے لیے موثر عالمی اداروں اور بڑی قوتوں کو بلا تاخیر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

عالمِ اسلام کو درپیش چیلنجز اور پاکستان کا تاریخی کردار

سردار عبدالخالق وصی

برصغیر کے عظیم مفکر اور شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال نے ایک صدی قبل عالمِ اسلام کے لیے جو فکری پیغام دیا تھا اس کا نچوڑ ان کے اس شہرہ آفاق شعر میں سمٹ آتا ہے:

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاکِ کاشغر

یہ محض ایک شعر نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے لیے ایک سیاسی، تہذیبی اور دفاعی نظریہ بھی ہے۔ اقبال کا یہ پیغام اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ اگر مسلمان جغرافیائی سرحدوں، نسلی تعصبات اور سیاسی اختلافات سے بلند ہو کر اپنے مشترکہ مفادات اور مقدسات کے تحفظ کے لیے متحد ہو جائیں تو وہ عالمی سیاست میں ایک باوقار اور موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ آج جب مشرقِ وسطیٰ ایک نئی کشمکش کے دہانے پر کھڑا ہے اور حالیہ دنوں میں ایران کے خلاف بڑھتی ہوئی جارحیت نے پورے خطے کو اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے تو اقبال کا یہی پیغام پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر گیا ہے۔

ایران کے خلاف جارحیت اور خطے کی نئی کشیدگی کی صورتحال دراصل ایک وسیع تر جغرافیائی سیاست کا حصہ دکھائی دیتی ہے۔ اسرائیل اور امریکا کی جانب سے ایران پر بڑھتا ہوا دباؤ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب غزہ اور فلسطین پہلے ہی ایک ہولناک انسانی المیے سے گزر رہے ہیں۔ اس ماحول میں مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال مزید پیچیدہ ہو گئی ہے اور پورا خطہ ایک ممکنہ وسیع جنگ کے خدشات سے دوچار ہے۔ عراق، شام، لیبیا اور افغانستان کے تجربات یہ بتاتے ہیں کہ جب بڑی طاقتیں کسی خطے کو اپنے اسٹریٹجک مفادات کے لیے میدان بناتی ہیں تو اس کے اثرات نسلوں تک محسوس کیے جاتے ہیں۔

عالمِ اسلام کو درپیش اندرونی و بیرونی خطرات کی حقیقت بھی اسی تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ بیرونی طاقتوں کی مداخلت اور سیاسی دباؤ کے ساتھ ساتھ داخلی سطح پر فرقہ واریت، سیاسی عدم استحکام اور معاشی کمزوری جیسے عوامل بھی مسلم دنیا کو کمزور کرتے ہیں۔ یہی وہ حالات ہیں جن میں امتِ مسلمہ کے لیے سب سے بڑی ضرورت باہمی اعتماد، سیاسی بصیرت اور مشترکہ حکمتِ عملی کی ہے۔ اگر مسلم ممالک اپنے داخلی اختلافات کو کم کر کے مشترکہ مفادات کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں تو وہ نہ صرف بیرونی دباؤ کا مقابلہ کر سکتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر ایک متوازن قوت کے طور پر بھی ابھر سکتے ہیں۔

پاکستان خود بھی بیرونی دباؤ اور داخلی چیلنجز کا سامنا کرنے والی ریاست ہے۔ ایک طرف بھارت کے ساتھ مسلسل کشیدگی اور سرحدی تنازعات ہیں جبکہ دوسری طرف افغانستان کی سرزمین سے جنم لینے والی دہشت گردی کے خطرات بھی موجود ہیں۔ دہشت گرد تنظیمیں جیسے تحریک طالبان پاکستان اور داعش خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کرتی رہی ہیں۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف طویل جنگ لڑی ہے اور اپنی داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ یہی تجربہ اسے خطے میں امن اور استحکام کے لیے ایک موثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔

عالمی بلاکس کے درمیان پاکستان کا متوازن کردار اس بحران میں خاص طور پر نمایاں ہوا ہے۔ عالمی سیاست اس وقت مختلف طاقتوں کے بلاکس میں تقسیم ہو چکی ہے۔ ایک طرف مغربی اتحاد ہے جس کی قیادت امریکا کرتا ہے جبکہ دوسری طرف روس اور چین جیسے ممالک عالمی توازن کو نئی شکل دے رہے ہیں۔ ایسے ماحول میں پاکستان نے ایک نہایت محتاط اور متوازن سفارتی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ اقوام متحدہ میں ایران پر حملوں کے خلاف پیش کی گئی قرارداد کے حق میں ووٹ دے کر پاکستان نے جنگ کے خاتمے اور امن کے قیام کی حمایت کی جبکہ خلیجی ممالک پر حملوں کی مذمت کرنے والی قرارداد کی حمایت کر کے یہ واضح کیا کہ وہ کسی ایک فریق کے بجائے پورے خطے میں استحکام کا خواہاں ہے۔

سعودی عرب کے ساتھ دفاعی تعلقات اور سفارتی توازن کی اہمیت بھی اس صورتحال میں نمایاں ہو جاتی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان طویل عرصے سے دفاعی تعاون موجود ہے اور دونوں ممالک کے تعلقات اسٹریٹجک نوعیت کے حامل ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستان کے لیے یہ ضروری تھا کہ وہ اپنے سفارتی موقف کو اس طرح ترتیب دے کہ خطے میں امن کی حمایت بھی برقرار رہے اور اس کے اسٹریٹجک تعلقات بھی متاثر نہ ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان نے ایک ایسا موقف اختیار کیا جس میں جنگ کی مخالفت بھی تھی اور علاقائی سلامتی کے تقاضوں کو بھی مدنظر رکھا گیا۔

یہ حقیقت بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ ہر ریاست کی اپنی سلامتی، معاشی مفادات اور تزویراتی ضروریات مختلف ہوتی ہیں۔ بعض اوقات ایک ہی وقت میں کئی ایسے معاہدے اور علاقائی تعلقات موجود ہوتے ہیں جن کے تقاضے بظاہر ایک دوسرے سے مختلف دکھائی دیتے ہیں۔ پاکستان جیسے ملک کے لیے جو ایک طرف بھارت کے ساتھ مستقل کشیدگی کا سامنا کر رہا ہے اور دوسری طرف افغانستان کی سرزمین سے جنم لینے والے سکیورٹی چیلنجز سے بھی نبرد آزما ہے، عالمی سیاست میں متوازن کردار ادا کرنا بسا اوقات تنی ہوئی رسی پر چلنے کے مترادف ہو جاتا ہے۔ ایک طرف خلیجی ممالک کے ساتھ دفاعی اور معاشی تعلقات ہیں، دوسری طرف ایران کے ساتھ ہمسائیگی اور علاقائی تعاون کے تقاضے بھی موجود ہیں۔ ایسے پیچیدہ ماحول میں کسی بھی جذباتی یا غیر متوازن فیصلے کے نتائج نہایت دور رس ہو سکتے ہیں۔

تاہم یہ امر باعثِ اطمینان ہے کہ اس وقت پاکستان کی ریاستی قیادت ایک صفحے پر کھڑی نظر آتی ہے۔ شہباز شریف کی حکومتی قیادت، اسحاق ڈار کی سفارتی حکمت عملی اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عسکری بصیرت نے اس نازک مرحلے پر جس ہم آہنگی اور تدبر کا مظاہرہ کیا ہے، وہ بلاشبہ قدرت کا ایک عظیم عطیہ محسوس ہوتا ہے۔ یہی ہم آہنگی پاکستان کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ نہ صرف اپنے قومی مفادات کا تحفظ کرے بلکہ امتِ مسلمہ کے وسیع تر مفادات کے لیے بھی ایک مثبت اور ذمہ دار کردار ادا کرے۔

آبنائے ہرمز: عالمی معیشت کی شہ رگ ایران کے کنٹرول میں

مطلوب احمد وڑائچ

ایک تو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ہیں اور ایک اصطلاح ٹرمپ کارڈ بھی ہوتی ہے۔ ٹرمپ کارڈ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آخری اور فیصلہ کن پتا پھینک دیا جائے۔ اب یہ فیصلہ کن پتا ایران کے ہاتھ میں آ گیا ہے۔ ایران کو اس کی اہمیت کا پہلے ہی سے علم تھا کیونکہ پانچ ہزار سال سے اس کی تاریخ اسی علاقے سے وابستہ ہے۔ یہ سمندر بھی کوئی نئے نہیں بلکہ لاکھوں سال پرانے ہیں۔ ایران کو اس راستے کا بھی پورا علم تھا اور یہ سب ان کے ذہن میں تھا، اسی لیے انھوں نے اس حوالے سے پہلے ہی منصوبہ بندی کر رکھی تھی۔ یہ ایسی قوم ہے، جس پر تقریباً سینتالیس برس سے پابندیاں عائد ہیں۔ ان پابندیوں کے دوران انھیں صرف بیرونِ ملک سے ادویات منگوانے کی اجازت تھی، اس کے علاوہ کسی اور چیز کی اجازت نہیں تھی۔ ان حالات میں بھی انھوں نے اپنے انتظامات کیے، راکٹ تیار کیے، میزائل بنانے کی صلاحیت حاصل کی اور اپنے وسائل جمع کیے۔ پابندیوں کے باوجود ایران کی فضائی کمپنی ماہان ایئر کو زیادہ دو ممالک میں جانے کی اجازت نہیں تھی۔ وہ صرف ایک دو ملکوں تک جا سکتی تھی جن کے ساتھ ایران کے سفارتی تعلقات تھے یا جہاں اقوامِ متحدہ نے اجازت دی ہوئی تھی۔ ایران کے وزیرِ خارجہ کو بھی بیرونِ ملک سفر کے لیے خاص اجازت درکار ہوتی تھی۔ ان تمام حالات کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ وہ پہلے دن سے ہی امریکا کے ساتھ اس جنگ کے لیے تیار تھے۔

جنگوں میں جانی نقصان بھی ہوتا ہے، مالی نقصان بھی ہوتا ہے اور بنیادی ڈھانچے کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ ایران نے یہ سب نقصانات بارہا برداشت کیے ہیں۔ مثال کے طور پر علی خامنہ ای کی شہادت، اس سے پہلے جنرل قاسم سلیمانی کی شہادت کوئی معمولی دھچکا نہیں تھا۔ اسی طرح حماس کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کی شہادت، حزب اللہ کے رہنما حسن نصراللہ کی شہادت اور صدر ابراہیم رئیسی کی شہادت جیسے واقعات بھی پیش آئے۔ یہ چار پانچ بڑے جھٹکے دو سال کے اندر لگے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایران پہلے ہی حالتِ جنگ میں تھا۔ یہ کہنا کہ ایران اب حالتِ جنگ میں آیا ہے درست نہیں۔ ایران پہلے ہی اس کیفیت میں تھا اور اسی دوران اس نے اپنے میزائل بنانے کے پروگرام کو بہت آگے بڑھایا۔ اس کے پاس اتنے میزائل موجود ہیں کہ اگر وہ اسی رفتار سے استعمال کرے، جس رفتار سے آج کر رہا ہے تو آئندہ تین مہینے تک مسلسل جنگ جاری رکھ سکتا ہے۔ اس کے اسلحہ بنانے والے کارخانے، میزائل، ڈرون اور راکٹ بنانے والے مراکز بدستور کام کر رہے ہیں۔ ادھر اسلحہ استعمال ہو رہا ہے اور ادھر تیار بھی ہو رہا ہے۔

اسرائیل کی صورتحال یہ ہے کہ اس کے پاس روکنے والے میزائل کم ہوتے جا رہے ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ ایران کے پچیس ہزار ڈالر کے ایک ڈرون کو مار گرانے کے لیے چالیس لاکھ ڈالر کا راکٹ استعمال کرنا پڑتا ہے۔ اب یہ راکٹ بھی کم ہونے لگے ہیں۔ اسی لیے اسرائیل نے امریکا کو مزید اربوں ڈالر دے کر میزائل روکنے والے میزائل حاصل کرنے کا انتظام کیا ہے۔ امریکا کے پاس بھی یہ محدود مقدار میں رہ گئے ہیں۔ اسرائیل اب یوکرین سے بھی ایسے میزائل حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ اگر یوکرین نے یہ راکٹ اور میزائل اسرائیل کو دیے تو ایران اسی طرح یوکرین پر بھی حملہ کرے گا جیسے وہ اسرائیل پر کر رہا ہے، اور ان ممالک پر بھی کر رہا ہے جن کی سرزمین ایران پر حملوں کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔

یورپی مبصرین کا کہنا ہے کہ ایران ایک سال تک جنگ لڑنے کے لیے تیار ہے۔ اسی طرح امریکا کی طرف سے وینزویلا کے صدر کو گرفتار کر کے لے جانا اور وہاں عبوری صدر بنانے کا منصوبہ بھی ناکام ہو گیا۔ مقصد یہ تھا کہ وینزویلا کا تیل امریکی کمپنیاں یا امریکی حکومت فروخت کرے، اس میں سے وینزویلا کو معمولی حصہ دے اور باقی رقم امریکا استعمال کرے۔ لیکن یہ منصوبہ ناکام ہو گیا۔ تیل زیادہ تر انھی علاقوں میں جانا تھا جہاں اس کے خریدار موجود ہیں۔ آبادی کے لحاظ سے بھارت ایک بڑا ملک ہے اور اس کا تقریباً اسی فیصد تیل اور گیس آبنائے ہرمز کے راستے سے گزرتا ہے۔ اسی طرح چین کا بھی تقریباً اسی فیصد تیل اور گیس اسی راستے سے گزرتا ہے۔ یعنی دنیا کا بہت بڑا حصہ اسی راستے پر انحصار کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ایشیا کے دیگر ممالک جیسے پاکستان اور جاپان بھی اسی راستے سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اگر آبنائے ہرمز بند ہو جائے تو گویا عالمی معیشت کی سانس رک سکتی ہے۔ اس وقت یہ صرف جنگ نہیں بلکہ اعصاب کی جنگ بھی ہے۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ایران پر ایٹمی حملہ ممکن نہیں کیونکہ دنیا اس کی حمایت نہیں کرے گی۔ اسی برس پہلے جو واقعہ جاپان کے ساتھ پیش آیا تھا، اب ویسی صورتحال دوبارہ پیدا ہونا مشکل ہے۔ بحر ہرمز دراصل عالمی معیشت کی شہ رگ ہے اور اس پر ایران کا اثر بہت اہم سمجھا جاتا ہے۔ امریکا نے فرانس، جاپان، جرمنی اور برطانیہ سے کہا کہ وہ آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کے لیے اپنے بحری جہاز بھیجیں مگر جاپان، چین اور جرمنی سمیت کئی ممالک نے اس مطالبے سے انکار کر دیا۔ برطانیہ اس معاملے میں امریکا کے ساتھ کھڑا نظر آ رہا ہے کیونکہ امریکی صدر نے اس پر دباؤ ڈالا تھا۔ باقی یورپی ممالک کا امریکا کے ساتھ نہ کھڑا ہونا بعض مبصرین کے نزدیک ایران کی کامیابی سمجھا جا رہا ہے۔

دراصل ایران نے آبنائے ہرمز پر اپنا اثر برقرار رکھ کر عالمی معیشت کی شہ رگ پر ہاتھ رکھا ہوا ہے۔ تاہم وہ پوری دنیا کو ناراض بھی نہیں کرنا چاہتا۔ ایران کی طرف سے کہا گیا ہے کہ جو ممالک چین کی کرنسی یوآن میں ادائیگی کریں گے، وہ جہاں سے بھی تیل خریدیں، ان کے تیل بردار جہاز یہاں سے گزر سکتے ہیں۔ اسی لیے ترکی، بنگلہ دیش اور حتیٰ کہ بھارت کو بھی اپنے چند ٹینکر گزارنے کی اجازت مل چکی ہے۔ باقی ممالک بھی کوشش کر رہے ہیں کہ براہِ راست ایران سے رابطہ کر کے اپنے ٹینکر آبنائے ہرمز سے گزار سکیں۔

اسکرین کا زمانہ اور بچوں کی تربیت

ڈاکٹر ناصر خاں

آج کے زمانہ میں بچوں کی تربیت محض ایک گھریلو ذمہ داری نہیں رہی بلکہ ایک پیچیدہ سماجی، نفسیاتی اور معاشی مسئلہ بن چکی ہے۔ خاص طور پر متوسط طبقے کے ماں باپ کے لیے یہ چیلنج دوہرا ہے: ایک طرف وہ اپنے بچوں کو بہتر تعلیم، بہتر اخلاق اور بہتر مستقبل دینا چاہتے ہیں، دوسری طرف ان کے پاس نہ وقت کی فراوانی ہے، نہ وسائل کی کشادگی، نہ ذہنی سکون کی وہ کیفیت جو متوازن تربیت کے لیے ضروری سمجھی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ دور میں بچوں کی تربیت کا سوال صرف یہ نہیں رہا کہ بچہ اسکول میں کیسا ہے، بلکہ یہ بھی بن گیا ہے کہ بچہ گھر میں کس فضا میں پل رہا ہے، کن چیزوں کو دیکھ رہا ہے، کیا سن رہا ہے، کس چیز سے متاثر ہو رہا ہے، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے حقیقی دنیا زیادہ مل رہی ہے یا اسکرین کی دنیا۔

ماضی کے خاندانی اور سماجی ڈھانچے میں ایک فطری تربیتی نظام موجود تھا۔ گھر میں بزرگ ہوتے تھے، گلی محلے میں سماجی نگرانی ہوتی تھی، کھیل کے لیے کھلی جگہیں ہوتی تھیں، اور بچوں کا وقت قدرتی انداز میں تقسیم ہو جاتا تھا۔ وہ اسکول جاتے، دوستوں کے ساتھ کھیلتے، گھر آ کر خاندان کے افراد کے ساتھ بیٹھتے، اور یوں ان کی شخصیت مختلف انسانی رشتوں کے درمیان بن رہی ہوتی تھی۔ آج صورت حال بدل گئی ہے۔ شہری زندگی سکڑ گئی ہے، خاندان نیوکلیئر ہو گئے ہیں، ماں باپ دونوں مصروف ہیں، گلیوں کے کھیل کم ہو گئے ہیں، اور بچوں کی دنیا کا بڑا حصہ ڈیجیٹل اسکرین نے اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ موبائل فون، ٹیبلٹ، یوٹیوب، آن لائن گیمز اور سوشل میڈیا اب صرف تفریح کے ذرائع نہیں رہے، بلکہ یہ بچپن کے نئے خاموش استاد بن چکے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ یہ استاد نہ جواب دہ ہیں، نہ اخلاقی طور پر غیر جانب دار، نہ ہر بچے کی نفسیات کے مطابق۔

متوسط طبقے کے والدین کی مجبوری کو سمجھے بغیر اس مسئلے کا منصفانہ تجزیہ نہیں کیا جا سکتا۔ ایک عام مڈل کلاس گھرانے کا نقشہ دیکھیے: والد دفتر سے تھکا ہوا واپس آتا ہے، والدہ گھر، بچوں، کھانے، صفائی، اسکول کے کام اور بعض اوقات اپنی ملازمت کے درمیان پسی ہوئی ہوتی ہے۔ ایسے میں اگر چار سال کا بچہ ضد کرے، شور مچائے یا بار بار توجہ مانگے تو والدین کے لیے موبائل ایک فوری اور آسان حل معلوم ہوتا ہے۔ بچہ یوٹیوب پر کارٹون دیکھنے لگتا ہے، ماں چند ضروری کام نمٹا لیتی ہے، گھر میں وقتی سکون آ جاتا ہے۔ بظاہر یہ ایک معصوم انتظام ہے، مگر تربیت میں بہت سے مسائل کی ابتدا اکثر یہی وقتی سہولت ہوتی ہے۔ جو چیز ابتدا میں والدین کے لیے مددگار لگتی ہے، وہی آہستہ آہستہ بچے کی عادت، پھر ضرورت، اور آخر کار نفسیاتی انحصار بن جاتی ہے۔

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اسکرین ٹائم بذاتِ خود مکمل برائی نہیں ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ اسکرین کتنی، کس عمر میں، کس مواد کے ساتھ، کس نگرانی میں، اور کس متبادل کے بغیر دی جا رہی ہے۔ اگر ایک بچہ محدود وقت کے لیے تعلیمی ویڈیوز دیکھتا ہے، والدین اس کے مواد سے واقف ہیں، اور ساتھ ہی اس کے پاس کھیل، مطالعہ، گفتگو اور گھر والوں کے ساتھ وقت گزارنے کے مواقع بھی موجود ہیں، تو اسکرین ایک معاون ذریعہ بن سکتی ہے۔ لیکن اگر اسکرین بچے کی خاموشی خریدنے کا مستقل ہتھیار بن جائے، اگر کھانا کھلانے کے لیے بھی موبائل درکار ہو، اگر سونے سے پہلے بھی بچہ فون دیکھے، اگر رونے کا حل بھی یوٹیوب ہو اور بوریت کا علاج بھی گیم ہو، تو پھر مسئلہ صرف تفریح کا نہیں رہتا، بلکہ شخصیت سازی کا بن جاتا ہے۔

اس کے منفی اثرات کو عام مشاہدے کی سطح پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک چھوٹا بچہ جو ہر وقت تیز رنگوں، فوری ردِعمل، بدلتے مناظر اور بلند آوازوں والے کارٹون دیکھنے کا عادی ہو جائے، وہ عام زندگی کی سادہ رفتار کو بور محسوس کرنے لگتا ہے۔ کلاس روم کی خاموشی، کتاب کے الفاظ، استاد کی تدریجی وضاحت، یا گھر میں کسی بڑے کی نصیحت اسے غیر دلچسپ لگنے لگتی ہے، کیونکہ اس کا ذہن فوری تحرک کا عادی ہو چکا ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے والدین شکایت کرتے ہیں کہ بچہ پانچ منٹ کتاب نہیں دیکھ سکتا مگر دو گھنٹے مسلسل موبائل پر رہ سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ بچے میں فطری طور پر توجہ کی کمی ہے، بلکہ اکثر اس کی توجہ کی تربیت ہی ایسی ہو چکی ہوتی ہے جو صرف زیادہ محرک اور فوری لطف دینے والی چیزوں پر مرکوز رہتی ہے۔

اسی طرح مزاج میں بگاڑ بھی ایک نمایاں مسئلہ ہے۔ جو بچہ ہر خواہش کے فوری جواب کا عادی ہو، وہ انتظار، برداشت، انکار اور تاخیر جیسے انسانی تجربات کو کم قبول کرتا ہے۔ اسکرین کی دنیا میں ایک کلک پر ویڈیو بدل جاتی ہے، ایک ٹیپ پر گیم شروع ہو جاتی ہے، ایک اسکرول پر نئی چیز سامنے آ جاتی ہے۔ حقیقی زندگی اس کے برعکس ہے: یہاں کامیابی وقت مانگتی ہے، تعلقات صبر مانگتے ہیں، تعلیم محنت مانگتی ہے، اور کردار سازی مسلسل تکرار چاہتی ہے۔ چنانچہ جب اسکرین پر پلنے والا بچہ حقیقی دنیا سے ٹکراتا ہے تو اس میں چڑچڑاپن، ضد، بے صبری اور مایوسی زیادہ نظر آ سکتی ہے۔ ایک عام مثال یہ ہے کہ ایسے بچے کھانے کی میز پر بیٹھ کر دو منٹ میں بے چین ہو جاتے ہیں، مہمانوں کے سامنے گفتگو میں حصہ نہیں لیتے، اور ذرا سی روک ٹوک پر شدید ردِعمل دیتے ہیں، کیونکہ ان کی ذہنی ساخت بتدریج ایسی فضا میں بنی ہوتی ہے جہاں ہر چیز ان کے کنٹرول اور فوری تسکین کے مطابق ہو۔

یہاں ایک اور اہم نکتہ سمجھنے کی ضرورت ہے: تربیت صرف بچے کو کیا نہ کرو کہنا نہیں ہے، بلکہ اسے کیسے جیو سکھانا ہے۔ متوسط طبقے کے بہت سے والدین اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ بچے سے موبائل لے لینا ہی مسئلے کا حل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر بچے کے پاس اسکرین کے متبادل میں کوئی بامعنی دنیا موجود نہ ہو تو پابندی بغاوت پیدا کرتی ہے، تربیت نہیں۔ اگر گھر میں نہ گفتگو ہو، نہ مشترکہ کھانا، نہ قصے کہانیاں، نہ کھیل، نہ کتاب، نہ جذباتی قربت، تو بچہ موبائل سے محرومی کو سزا سمجھے گا، اصلاح نہیں۔ لہٰذا اصل مسئلہ اسکرین چھیننے کا نہیں، انسانی تعلقات واپس دینے کا ہے۔

امینہ طیب مسجد میں ڈاکٹر حنیف طیب اور دیگر تراویح ختم قرآن کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان سنی تحریک کا عوام دوست اقدام، سستا چکن کیمپ کا انعقاد

مہنگائی کے دور میں عوامی ریلیف ہماری دینی وسماجی ذمہ داری ہے، ثروت اعجاز

کراچی (پ۔ر) چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام عوامی سہولت کے لیے قائم کیے گئے سستا چکن کیمپ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں میں گوشت تقسیم کیا اور عوامی مسائل کا جائزہ بھی لیا۔ چیئرمین ثروت اعجاز قادری نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا نہ صرف ہماری سماجی بلکہ دینی ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سنی تحریک ہمیشہ سے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت کام کر رہی ہے اور مشکل حالات میں عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے، ایسے میں فلاحی سرگرمیوں کا دائرہ کار بڑھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سستا چکن کیمپ جیسے اقدامات عوام کو براہ راست ریلیف فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں۔

قرآن وسنت سے تعلق کو مضبوط رکھنا جنت کے حصول کا ذریعہ ہے، حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے سرپرست اعلیٰ سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے امینہ طیب مسجد اورنگی ٹاؤن میں محفل شب قدر و تراویح ختم قرآن کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پہلے کہہ رہے تھے کہ رمضان آ رہا ہے اور اب کہہ رہے ہیں کہ رمضان جا رہا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ رمضان اور قرآن مجید کو ہمارے لئے شفاعت کا ذریعہ بنائے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ قرآن وسنت سے تعلق کو مضبوط رکھنا جنت کے حصول کا ذریعہ ہے۔ سورۃ الحجر آیت نمبر 9 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا "بے شک ہم نے ہی قرآن کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں" یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید واحد آسمانی کتاب ہے جو لاکھوں حفاظ کے سینوں میں مکمل طور پر محفوظ ہے۔ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا "تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن کو سیکھے اور سکھائے" ڈاکٹر حاجی حنیف طیب نے نصیحت کی۔

سنی تحریک کے زیر اہتمام عوامی سہولت کے لیے لگائے گئے سستا چکن کیمپ پر چیئرمین سنی تحریک ثروت اعجاز دورہ کر رہے ہیں اس شہریوں میں گوشت تقسیم کر رہے ہیں

بجلی فراہمی کے ادارے امتحانات کے دوران لوڈشیڈنگ سے گریز کریں، پرویز ہارون

بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی نہ بنائی گئی تو طلباء شدید ذہنی دباؤ اور پریشانی کا شکار ہو سکتے ہیں

کراچی (پ۔ر) سندھ پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز کونسل کے چیئرمین پرویز ہارون نے کہا ہے کہ شہر اور دیہی علاقوں میں جاری غیر متوقع اور طویل لوڈشیڈنگ میٹرک کے امتحانات دینے والے طلباء کے لیے سنگین مشکلات پیدا کرے گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر سات اپریل سے شروع ہونے والے امتحانات کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی نہ بنائی گئی تو طلباء شدید ذہنی دباؤ اور پریشانی کا شکار ہو سکتے ہیں اور ان کی کارکردگی بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پرویز ہارون نے کہا کہ مسلسل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے طلباء کی تیاری بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ دن کے اوقات میں بجلی کی بندش کے باعث بیشتر طلباء کو پڑھائی کے لیے رات گئے تک جاگنا پڑتا ہے، جس سے نہ صرف ان کی ذہنی اور جسمانی تھکن میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ امتحانات کی تیاری بھی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال والدین اور اساتذہ کے لیے بھی شدید تشویش کا باعث بن چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر امتحانی مراکز میں بھی بجلی کی یہی صورتحال برقرار رہی تو پنکھوں اور روشنی کی عدم دستیابی طلباء کی توجہ اور کارکردگی دونوں کو متاثر کرے گی۔ گرمی اور اندھیرے میں امتحان دینا طلباء کے لیے جسمانی اور نفسیاتی دباؤ پیدا کرے گا، جس کے باعث وہ اپنی محنت کے مطابق نتائج حاصل نہیں کر سکیں گے۔ پرویز ہارون نے کے الیکٹرک اور بجلی فراہمی کے دیگر اداروں سے مطالبہ کیا کہ میٹرک کے امتحانات کے دوران خصوصی انتظامات کیے جائیں اور امتحانی مراکز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے بھی اس معاملے کا فوری نوٹس لیں اور ایسا جامع پلان مرتب کریں جس کے تحت امتحانات کے دوران بجلی کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ طلباء کے تعلیمی حقوق اور امتحانی ماحول کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ اگر بروقت عملی اقدامات نہ کیے گئے تو اس کا براہ راست اثر نہ صرف امتحانات بلکہ طلباء کے تعلیمی اعتماد اور مستقبل پر بھی پڑ سکتا ہے۔

کراچی کی ٹوٹی سڑکیں بدحال انفرااسٹرکچر اور گلی گلی بہتا سیوریج کا پانی

بلاول بھٹو نے اسکے برعکس بول کر کراچی کے عوام کو کرچی کرچی کر دیا

کراچی (پ۔ر) کراچی کی ٹوٹی سڑکیں بدحال انفرااسٹرکچر اور گلی گلی بہتا سیوریج کا پانی، پانی نایاب، کرپشن بے شمار، ٹھیکوں میں کرپشن، زمینیں کوڑیوں کے مول فروخت، 25 ارب سے 106 سڑکوں کی تعمیر کاغذوں پر عملی کہیں نہیں۔ تین سال گزر گئے لیکن ترقی کہیں نہیں۔ لیکن بلاول بھٹو کو میئر پر اعتماد ہے۔ یہی بیان کراچی کے عوام پر انکے انتخابی نشان تیر کی طرح لگا۔ بلاول بھٹو بھی تنقید اور کراچی کے حالات کے برعکس دیے گئے بیان پر عوام کی نظروں میں چبھنے لگے۔ آصف علی زرداری نے جس طرح پچھلی بار کلاس لی تھی اور عوام کی واہ واہ وصول کی تھی۔ بلاول بھٹو نے اسکے برعکس بول کر کراچی کے عوام کو کرچی کرچی کر دیا۔ دوسری جانب سیاست اور ٹکراؤ کا کھیل جاری ہے۔ ایم این اے حفیظ الدین کی ایک معمولی سے اورنگی ٹاؤن کے پروجیکٹ کے انیس کی مدعیت میں عمیر سکندر نے جنکا تعلق جئے سندھ سے ہے اور سندھو دیش فتنے کے کارکن ہیں۔ مرتضیٰ وہاب کی آشیرباد سے فیصل رضوی کرمنل و کرپٹ افسر کے کہنے پر ایف آئی آر کٹوا دی۔ جبکہ حفیظ الدین ایس ٹی فور پر اپنے فنڈز سے نادرا میگا سینٹر بنوانے جا رہے تھے۔ ایم کیو ایم کے ایم این اے کی ایف آئی آر نفرت کا سودا بھی ہے اور تصادم کی فضا بنانے کی وجہ بھی۔ اس جگہ کو فیصل رضوی جعلی دستاویزات پر فروخت کر چکے تھے۔ جس میں حصہ دار معظم قریشی، افضل زیدی، سیف عباس اور مقامی ویسٹ کی قیادت بھی تھی۔ انہی کے ایماء پر بزرگ قومی اسمبلی کے ایم کیو ایم کے رکن حفیظ الدین جو علاقے کی ترقی کے لئے کردار ادا کرنا چاہتے تھے ایم این اے کے مطابق انہیں بے بنیاد من گھڑت کہانی کر کے کام سے روکنے کی کوشش کی گئی۔

لوڈشیڈنگ کے باعث امتحانات متاثر ہونے کا خدشہ ہے، میاں مقصود

کراچی (پ۔ر) الفاء فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ غیر معمولی اور بلا ترتیب جاری لوڈ شیڈنگ کے فوری خاتمے کے لیے کے الیکٹرک لازمی اور فوری اقدامات کرے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سات اپریل سے شروع ہونے والے میٹرک کے امتحانات کے دوران طلباء کی تعلیمی تیاری اور ذہنی سکون شدید متاثر ہو سکتا ہے۔

ڈکیتی واردات دوران مسلح افراد کی فائرنگ میں گنے کا تاجر جاں بحق

محراب پور (پاکستان بلیٹن) ڈکیتی واردات دوران مسلح افراد کی فائرنگ میں گنے کا تاجر جاں بحق ہو گیا، واقعہ نیو جتوئی پولیس تھانہ کی حدود میں منھیانی روڈ پر پیش آیا، مناہی اسٹاپ پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے رہزنوں نے واردات میں مزاحمت پر فائرنگ کر دی جس میں گنا کا تاجر سعید احمد جتوئی اور نیوی اہلکار پیر بخش کھوسو گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہو گئے، رہزن زخمی تاجر سے 40 لاکھ کی نقدی اور قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا۔

ٹنڈوالہیار کے قریب محنت کش کے گھر میں آگ لگ گئی

سب کچھ جل کر خاک ہو گیا، متاثرہ خاندان کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار

گاؤں مانک کالرو کے قریب ڈھوری پر رہائش پذیر محنت کش اسحاق اعوان کے گھر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

ٹنڈوالہیار (راشد شاہ) ٹنڈوالہیار کے قریب محنت کش کے گھر میں آگ لگ گئی، سب کچھ جل کر خاک ہو گیا، متاثرہ خاندان کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار۔ وہ انتہائی غریب ہیں، ان کی معصوم بیٹیاں گھر میں موجود تھیں؛ جبکہ ان کا شوہر ذہنی معذوری کا شکار ہے، اس وقت وہ کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور ان کے پاس پہننے کے لئے کپڑے تک نہیں، سب کچھ جل گیا ہے، زیب النسا نے منتخب نمائندوں، ڈپٹی کمشنر ٹنڈوالہیار اور دیگر حکام سے اپیل کی ہے کہ ان کی مالی مدد کی جائے اور انہیں ضروری سہولیات فراہم کی جائیں تفصیلات کے مطابق ٹنڈوالہیار کے نواحی علاقے دیہہ پاک سنگھار کے گاؤں مانک کالرو کے قریب ڈھوری پر رہائش پذیر محنت کش اسحاق اعوان کے گھر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گھر میں موجود تمام سامان جل کر راکھ ہو گیا، واقعے کے بعد متاثرہ خاتون زیب النسا زوجہ اسحاق اسپتال سے علاج کروانے کے بعد مدد کی اپیل لے کر پریس کلب پہنچ گئیں، اس موقع پر انہوں نے روتے ہوئے بتایا کہ وہ مزدوری کے لیے گھر سے باہر گئی ہوئی تھیں، واپس آئیں تو دیکھا کہ ان کا گھر اور اندر موجود تمام سامان جل چکا تھا، انہیں معلوم نہیں کہ آگ کیسے لگی انہوں نے کہا کہ وہ انتہائی غریب ہیں، ان کی معصوم بیٹیاں گھر میں موجود تھیں؛ جبکہ ان کا شوہر ذہنی معذوری کا شکار ہے، اس وقت وہ کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور ان کے پاس پہننے کے لئے کپڑے تک نہیں، سب کچھ جل گیا ہے، زیب النسا نے منتخب نمائندوں، ڈپٹی کمشنر ٹنڈوالہیار اور دیگر حکام سے اپیل کی ہے کہ ان کی مالی مدد کی جائے اور انہیں ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔

میرپورخاص: دعوت اسلامی کے شعبہ میڈیا ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام افطار اجتماع، صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

استحکام پاکستان کنونشن 23 مارچ کو ہوگا، سکندر شاہ

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) سبحانی مسجد شہباز کالونی ٹنڈوالہیار میں ختم القرآن الکریم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی ترجمان سید سکندر شاہ نے کہا کہ گریٹر اسرائیل اور اکھنڈ بھارت کا منصوبہ دنیا میں بدامنی کی اصل وجہ ہیں، قوم ہوشیار رہے، امریکا، انڈیا اور اسرائیل اسلامی ممالک کو توڑنا چاہتے ہیں، ہم بیرونی سازشوں سے آگاہ ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں حرمین شریفین اور پاکستان کے چپے چپے کی حفاظت کریں گے، 23 مارچ کو یوم پاکستان نئے عزم اور ولولے کے ساتھ منائیں گے، میڈیا ہاؤس ٹنڈوالہیار میں 23 مارچ کو شام 5 بجے استحکام پاکستان کنونشن ہوگا، پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ظہور کشمیری نے کہا کہ قرآن اور صاحب قرآن نے دنیا سے جہالت کا خاتمہ کیا، ختم القرآن الکریم کی تقریب سے مولانا کاشف حنفی نے بھی بیان کیا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ بار ٹنڈوالہیار کے وائس پریذیڈنٹ ایڈووکیٹ طارق عزیز قائم خانی، انسپکٹر سید افتخار شاہ، ایڈووکیٹ اصغر شیخ، شیخ الحدیث مولانا نور محمد، صحافی سید سلیم کمانڈو، کونسلر سید موسیٰ شاہ، سید نعیم شاہ، سید عبدالعزیز شاہ، مولانا ملک قاسم، شاہد سندھی و دیگر معززین سمیت علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

خسرہ مرض کا خاتمہ نہ ہو سکا، درجنوں معصوم بچے خسرہ میں مبتلا

محراب پور (پاکستان بلیٹن) خسرہ مرض کا خاتمہ نہ ہو سکا، درجنوں معصوم بچے خسرہ میں مبتلا، محکمہ صحت خاموش تماشائی، نوشہرو فیروز کچے کے علاقوں میں محکمہ صحت کی نااہلی کے باعث خسرہ کا موذی مرض تیزی سے پھیل رہا ہے کچے کے علاقوں بکری، نیو شہ میر ڈیرو، بچاؤ بند اور دیگر علاقوں میں بچوں میں خسرہ کی علامات سامنے آ رہی ہیں، گاؤں نیو شہ میر ڈیرو میں 6 ماہ کی صدروی کلہوڑو، شہباز، کونج سمیت درجنوں بچوں کا خسرہ کے باعث نجی اسپتال سے علاج کرایا جا رہا ہے مقامی افراد کے مطابق سرکاری اسپتال میں اس موذی کے علاج کیلئے کسی بھی قسم کی سہولت میسر نہیں، انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیم انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آبزرور نوشہرو فیروز کے کوآرڈینیٹر محمد سلیم مغل کے مطابق نوشہرو فیروز کے علاقے میں خسرہ مرض کی علامات ملی ہیں۔

کھوسو برادری میں پرانی دشمنی پر فائرنگ میں نوجوان زخمی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) کھوسو برادری میں پرانی دشمنی پر فائرنگ میں نوجوان زخمی، مرحوم صحافی کا بیٹا رکشہ کی ٹکر لگنے سے زخمی، گروہی تصادم کا واقعہ سدوجا پولیس تھانہ کی حدود میں پیش آیا جہاں پر کھوسو برادری کے دو گروہوں میں پرانی تکرار پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں گولیاں لگنے سے شباب کھوسو ولد امین کھوسو زخمی ہو گئے جسے اسپتال منتقل کر دیا ہے دوسری طرف مورو کے مرحوم صحافی بابا محمد صالح کھوسو کا بیٹا طالب حسین کھوسو رکشہ کی ٹکر لگنے سے زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا ہے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

ٹنڈوالہیار: جماعت اسلامی کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

پیسے نہ ہونے پر دلبرداشتہ محنت کش کا اقدام خودکشی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) عید کے کپڑوں کے پیسے نہ ہونے پر دلبرداشتہ محنت کش کا اقدام خودکشی، واقعہ بالائی پولیس تھانہ حدود میں پیش آیا جہاں آٹے کی چکی پر کام کرنے والے محنت کش نوجوان فدا حسین سولنگی نے عید کی آمد کے ساتھ کپڑے، جوتوں کیلئے پیسے نہ ہونے پر دلبرداشتہ ہو کر گندم میں رکھی جانے والی زہریلی گولیاں کھا لیں، ورثاء نوجوان کو بالائی اسپتال لائے جہاں سے ابتدائی طبی امداد بعد گمس اسپتال گمبٹ منتقل کر دیا ہے۔

ٹنڈوالہیار کے قریب محنت کش کے گھر میں آگ لگ گئی

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) سیپکو گھوٹکی کی جانب سے رحموالی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی، متعدد غیر قانونی کنڈا کنکشن منقطع تفصیلات کے مطابق ایس ڈی او نو محمد نواز شریف اور رحموالی فیڈر پر نئے تعینات ہونے والے لائن سپرنٹنڈنٹ خادم حسین ملک کی سربراہی میں سیپکو گھوٹکی کی ٹیم نے بجلی چوری اور غیر قانونی کنڈا کنکشن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے۔ کارروائی کے دوران مختلف علاقوں میں بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف چھاپے مارے گئے اور کئی غیر قانونی کنڈا کنکشن کاٹ دیے گئے۔ اس موقع پر ایس ڈی او نو محمد نواز شریف اور لائن سپرنٹنڈنٹ خادم حسین ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارروائی سیپکو چیف سکھر اعجاز احمد چنہ، ایس ای گھوٹکی ظہور احمد نوناری اور ایکسین فہیم احمد بلوچ کی ہدایات پر عمل میں لائی گئی ہے۔ انہوں

بقیہ نمبر 01

تھی، جب ملاقات ہوگی تو انھیں بتائیں کہ کتنے لوگوں نے ان سے اظہار یکجہتی کی۔انہوں نے کہا کہ ہمارا اصل مسئلہ بانی کا علاج ہے، فیملی کا اصل مسئلہ بانی کا علاج ہے، سرکاری رپورٹ کو ہم مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں اور سرکاری ڈاکٹروں پر یقین نہیں کرتے۔علیمہ خان نے کہا کہ سپریم کورٹ نے ایک ایسی رپورٹ منظور کی جو پیش کی گئی، کیا اسکو میڈیکل رپورٹ کہتے ہیں، ہائیکورٹ میں جج اچھے تھے، جنھوں نے ایڈووکیٹ جنرل سے اچھے سوال کیے جس پر انہوں نے بتایا کہ بانی کو اسپتال لے جانے سے امن وامان کی صورتحال خراب ہوگی۔ یہ کس قسم کا بہانہ بنایا یہ ماننے والی بات ہے؟ ایسا لگتا ہے فیصلہ کہیں اور سے لکھا ہوا آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی کو جان کر جیل کے اندر رکھا جا رہا ہے تا کہ انکی آنکھ ضائع ہو جائے، یہ مجرمانہ عمل ہے، چیف کمشنر انھی دو نامعلوم ڈاکٹروں کا بورڈ بنائیں گے جنکو ہم جانتے نہیں، ہم چیف کمشنر کی بات پر کیسے یقین کریں کیونکہ وہ خود محسن نقوی کے ماتحت کام کرتے ہیں۔علیمہ خان نے کہا کہ اب ڈاکٹر عظمی کی پٹیشن ہمارے وکیل لیکر سپریم کورٹ جائیں گے، ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے، بانی کی ملاقات اسلئے بند ہے تا کہ ہمیں پتہ نہ چلے کہ بانی کی آنکھ کیسی ہے، ہمیں انکی دوسری آنکھ خراب ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 02

مال کے بیسمنٹ میں موجود دو سے تین کپڑوں کی دکانوں میں لگی تھی۔ آگ پر قابو پانے کے لیے فائر بریگیڈ کی پانچ گاڑیوں نے حصہ لیا جبکہ بیسمنٹ میں بھر جانے والا دھواں خصوصی مشینوں کے ذریعے باہر نکالا گیا۔ریسکیو آپریشن کے دوران دھوئیں کے باعث دو فائر فائٹرز، بلال اور سکندر، کی حالت غیر ہوگئی جنہیں فوری طبی امداد فراہم کی گئی۔ حکام کے مطابق واقعے میں کسی شہری کے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ چیف فائر آفیسر ہمایوں خان کے مطابق بروقت کارروائی کے باعث آگ پر قابو پالیا گیا جبکہ آگ لگنے کی وجوہات کا تعین کیا جا رہا ہے۔دوسری جانب مارکیٹ ایسوسی ایشن نے فائر بریگیڈ اہلکاروں کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے ان کے لیے 10 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا، جبکہ بے ہوش ہونے والے فائر فائٹر سکندر کے لیے اضافی 2 لاکھ روپے دینے کا بھی اعلان کیا گیا۔ واقعے کے باعث کراچی ٹریفک پولیس نے اتحاد چوک سے لبرٹی چوک تک طارق روڈ کے دونوں اطراف ٹریفک کو متبادل گلیوں میں منتقل کر دیا۔شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ پریشانی سے بچنے کے لیے متبادل راستے اختیار کریں۔ ٹریفک پولیس کے اہلکار موقع پر موجود رہ کر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں مصروف ہیں۔

بقیہ نمبر 03

سے 5 افغان باشندوں سمیت 9 افراد جبکہ صدر، واہ کینٹ، ٹیکسلا کے علاقوں سے 10 افغان باشندوں کو گرفتار کیا گیا۔ چکوال تھری مرلہ سکیم، میانی اڈا نیل روڈ، گاؤں مرید، پی اے ایف بیس ایریا، فیکسر بانی، جالوال اور کلر کہار میں آپریشن میں تین افراد، جبکہ مری، کوٹلی بازار، موچی منڈی، لوئر بازار، نیو مری بازار میں سرچ آپریشن کرتے ہوئے ایک فرد گرفتار کیا گیا ہے۔سکیورٹی حکام کے مطابق اسلام آباد اور راولپنڈی ڈویژن میں سرچ اینڈ کومبنگ کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، غیر قانونی افغان شہریوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 04

علاج، بہتری کے حوالے سے بات چیت کی گئی جبکہ عدالتوں میں زیر سماعت اپیلوں کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات کا وقت ختم ہونے پر دونوں کو سیلز میں منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 05

طنی امریکہ سے ایشیا تک کوئی ریاست ٹرمپ پالیسیوں کی حمایت پر آمادہ نہیں ۔ دنیا کو دھونس طاقت اور جبر سے کنٹرول کرنیکی صدی گزر گئی ہے۔ صدر ٹرمپ کی ضد، لالچ اور انا نے عالمی امن داؤ پر لگا دیا ہے۔امریکی صدر سیاست ،سفارتکاری اور سلامتی کے عالمی امور سے ناواقف غیر متوازن شخصیت ثابت ہوئے ہیں۔انکا واحد مقصد ہر قیمت اور ہر حالت میں ذاتی تشہیر اور انتہائی طاقتور صیہونی لابی کی خوشنودی کا حصول ہے۔محسوس ہوتا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ تیسری بار مواخذے کی کارروائی کا سامنا کرنے کے بہت قریب ہیں۔

بقیہ نمبر 06

میں اسلحہ جمع کروانے کی مہلت دینے کی تجویز دی گئی جبکہ مقررہ مدت میں جمع نہ کروانے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔اس میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے پر عمر قید اور جائیداد ضبطی کی سزا کی تجویز شامل ہے جبکہ خودکار ہتھیار رکھنے پر کم از کم 10 سال قید کی سزا ہوگی، غیر قانونی عام اسلحہ پر 3 سے 14 سال قید کی سزا تجویز کی گئی ہے۔رضاکارانہ اسلحہ جمع کروانے والوں کو قانونی تحفظ دینے کی شق بھی شامل ہے، بیرون ملک افراد کو واپسی کے 14 دن میں اسلحہ جمع کروانے کی اجازت ہوگی، ایکسپائر لائسنس رکھنے والوں کو تجدید کا آخری موقع دیا جائے گا، لائسنس کی تجدید نہ کروانے پر اسلحہ پولیس کے حوالے کرنا لازمی ہوگا۔اسلحہ جمع کروانے پر باقاعدہ رسید اور ریکارڈ رکھنے کا نظام متعارف کیا جائے گا۔ غیر قانونی اسلحہ ضبط کر کے تلف یا ضائع کرنے کا طریقہ کار طے کیا گیا ہے۔صوبے میں سرچ اینڈ ریکوری آپریشنز کیلیے سی سی ڈی خصوصی مہم شروع کرے گی۔ لائسنس ہولڈرز کی جانچ پڑتال اور انسپکشن کا نیا نظام متعارف کیا گیا، لائسنس رکھنے والوں کا ٹیکس ریکارڈ اور کرمنل ہسٹری بھی چیک کی جائے گی۔بل میں اسلحہ لائسنس منسوخ کرنے کا اختیار متعلقہ اتھارٹی کو دینے کی تجویز شامل ہے جبکہ لائسنس منسوخی کے خلاف اپیل کا حق بھی دیا گیا۔ ہر ضلع میں اسلحہ کیسز کیلیے خصوصی عدالتیں قائم کی جائیں گی، اسلحہ سے متعلق مقدمات کا فیصلہ 45 دن میں کرنا لازمی ہوگا۔مقدمات کی روزانہ بنیاد پر سماعت اور تاخیر پر پابندی کی تجویز ہے، قانون کے تحت تمام جرائم ناقابل ضمانت اور قابل دست اندازی پولیس ہوں گے۔

بقیہ نمبر 07

علاقوں میں میزائل کا ملبہ گرنے کے واقعات پیش آئے ہیں۔ تل ابیب کے قریب ٹرین اسٹیشن پر میزائل کے ملبہ گر گیا۔ متاثرہ ٹرین اسٹیشن ہولون تل ابیب کے جنوب میں واقع ہے۔حادثے کے سبب تل ابیب اور اسرائیلی شہر ریشون لی زیون کی ٹرین سروسز متاثر ہوگئیں۔

بقیہ نمبر 08

ہے، رمضان میں اربوں روپے کی امداد لاکھوں شہریوں کی دہلیز تک پہنچائی جا چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ مریم نواز وعدے نہیں کرتی عملی اقدامات کرتی ہیں اور ان کے نتائج بھی آتے ، پنجاب میں جھوٹے وعدے اور سیاسی شعبدہ بازی کرنے والوں کا وقت گزر گیا، پہلے حکومتیں سالوں بعد منصوبوں کو مکمل کرتی تھیں اب پنجاب میں ہر مہینے منصوبے مکمل ہو رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ دو سال میں مریم نواز نے 100 سے زائد منصوبے شروع کر کے ریکارڈ قائم کیے۔عظمی بخاری نے مزید کہا کہ آج کوئی صوبائی حکومت کارکردگی میں پنجاب کے ساتھ مقابلہ یا موازنہ نہیں کرسکتی، مریم نواز کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈے کرنے والوں کو ہمیشہ کی طرح منہ کی کھانی پڑ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 09

کراچی، ٹی اینڈ ٹی، آئی ٹی، ڈی جی سیف سٹی اتھارٹی سمیت دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے شرکا کو ڈی آئی جی ٹریفک کراچی نے رمضان المبارک کے آخری عشرے میں کیے جانے والے ٹریفک انتظامات اور ٹریفک ریگولیشن اینڈ سائٹیشن سسٹم (TRACS) کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈی آئی جی ٹریفک کراچی نے کہا کہ عید کے بعد بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکلیں چلانے والوں اور TRACS سسٹم کے تحت بلیک لسٹ کی گئی 23 ہزار گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کی جائے گی۔اجلاس میں دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ 27 اکتوبر 2025 سے اب تک تقریبا 6 لاکھ ای ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں۔ سسٹم کی بہتری، عوامی سہولت اور سروسز میں اضافہ کے لیے مختلف نوعیت کے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کراچی میں حالیہ دنوں میں ٹریفک حادثات میں اچانک اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کو ہدایت دی کہ واقعات کی شفاف اور جامع تحقیقات کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے ہدایت دی کہ تحقیقات میں حادثات کی وجوہات اور ان کے انسداد سے متعلق موثر تجاویز بھی شامل کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران ٹریفک پولیس کراچی کی جانب سے کیے گئے انتظامات مجموعی طور پر قابل اطمینان رہے۔جاوید عالم اوڈھو نے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ہیوی ڈمپکز ڈرائیورز اور موٹر سائیکل مالکان کے خلاف موثر کارروائی کے لیے جامع تجاویز بھی پیش کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 10

سماعت ہوئی، انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ولی محمد نے کیس کی سماعت کی، عدالت نے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو طلب کرلیا ۔وکیل نے کہا کہ ملزمان چالان میں نامزد ہیں، سپیشل پراسیکیوٹر چالان جمع نہیں کررہے ہیں، سپیشل پراسیکیوٹر نے کہا کہ عدالت نے کبھی ہمیں حکم نہیں دیا کہ چالان جمع کریں، اے ٹی سی جج نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کو بلاتے ہیں، پھر سماعت کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 11

کے متن میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کو 15 دن میں اسلحہ جمع کرانے کی مہلت دینے کی تجویز شامل ہے، مقررہ مدت میں اسلحہ جمع نہ کرانے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔متن کے مطابق غیر قانونی اسلحہ رکھنے پر عمر قید اور جائیداد ضبطی کی سزا کی تجویز شامل ہے، خودکار ہتھیار رکھنے پر کم از کم 10 سال قید کی سزا ہوگی، عام اسلحہ غیر قانونی رکھنے پر 3 سے 14 سال قید کی سزا تجویز ہے۔بل کے مطابق رضاکارانہ طور پر اسلحہ جمع کرانے والوں کو قانونی تحفظ دینے کی شق بھی شامل ہے، بیرون ملک افراد کو واپسی کے 14 دن میں اسلحہ جمع کرانے کی اجازت ہوگی۔ایکسپائر لائسنس رکھنے والوں کو تجدید کا آخری موقع دیا جائے گا، لائسنس کی تجدید نہ کرانے پر اسلحہ پولیس کے حوالے کرنا لازمی ہوگا، لاہور: اسلحہ جمع کرانے پر باقاعدہ رسید اور ریکارڈ رکھنے کا نظام متعارف کیا جائے گا۔بل کے مطابق غیر قانونی اسلحہ ضبط کر کے تلف یا ضائع کرنے کا طریقہ کار طے کیا گیا ہے، صوبے میں سرچ اینڈ ریکوری آپریشنز کیلئے سی سی ڈی خصوصی مہم شروع کرے گی۔ اسلحہ لائسنس ہولڈرز کی جانچ پڑتال اور انسپکشن کا نیا نظام متعارف کیا گیا، لائسنس رکھنے والوں کا ٹیکس ریکارڈ اور کریمنل ہسٹری بھی چیک کی جائے گی۔بل کے مطابق اسلحہ لائسنس منسوخ کرنے کا اختیار متعلقہ اتھارٹی کو دینے کی تجویز شامل ہے، اسلحہ لائسنس منسوخی کے خلاف اپیل کا حق بھی دیا گیا۔

بقیہ نمبر 12

بٹن نصب کئے جائیں گے، پینک بٹن تھانوں کے متعلقہ فوری شکایات کے اندراج کے لئے تھانوں کے باہر نصب کئے جائیں گے۔ اسی طرح تھانوں اور چوکیوں 17 ہزار 812 باڈی کیمروں کی خریداری کی جائیگی، ہر تھانے میں 22 باڈی کیمرے جبکہ ہر چوکی میں 4 باڈی کیم فراہم کئیجا ئیں گے، تھانوں میں تعینات افسران واہلکار آپریشنز کے دوران اور ناکوں پر دوران تفتیش باڈی کیمروں کا استعمال یقینی بنائیں گے۔ پولیس حکام کا کہنا تھا کہ ایک پینک بٹن کی قیمت 1 لاکھ 35 ہزار جبکہ ایک ہزار 96 کی خریداری پر 14 کروڑ 80 لاکھ کے اخراجات آئیں گے، ایک باڈی کیم کی قیمت 95 ہزار جب کہ 17 ہزار 812 کی خریداری پر ایک ارب 69 کروڑ سے زائد کے اخراجات آئیں گے۔ حکام کا مزید کہنا تھا کہ دوسری جانب 2 ماہ کے اندر منصوبہ مکمل کر کے پینک بٹن اور باڈی کیم آپریشنل کر دیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 13

ے تھے، جہاں پورا ماہ راشن کی تیاری اور وہاں سے ان کی مختلف اضلاع میں ترسیل کا عمل جاری رہا ۔چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی نوید علی بیگ نے اس موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ الخدمت نے گزشتہ برسوں کی طرح اس رمضان بھی ہزاروں راشن تقسیم کر کے مستحق خاندانوں تک پہنچایا ہے، جس سے ان خاندانوں کے لاکھوں افراد نے استفادہ کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ الخدمت نے مستحقین کی عزت نفس کو ملحوظ رکھتے ہوئے لائنیں لگانے کے بجائے راشن ان کے گھروں تک پہنچایا ہے۔رمضان فوڈ پیکیج کی پیکنگ اور تقسیم کے عمل میں الخدمت کے اضلاع کے ذمہ داران ، مرکزی اور علاقائی رضا کاروں ، کالجز اور یونیورسٹیز کے طلبہ وطالبات نے بھرپور کردار ادا کیا۔ماہ مقدس میں اس اہم خدمت پر ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ الخدمت کی جانب سے مستحق اور ضرورت مندوں میں راشن کی فراہمی کا مقصد کمزور اور پریشان حال طبقے کو رمضان المبارک کی بابرکت گھڑیوں میں شریک کرنا تھا تا کہ وہ ماہ مقدس کو وہ اطمینان اور خوشی کے ساتھ گزار سکیں۔انہوں نے کہا کہ الخدمت زندگی کے تمام شعبوں میں لوگوں کی بلاتفریق خدمت کر رہی ہے، انہوں نے اہل خیر سے اپیل کی کہ وہ فطرہ ،صدقات اور عطیات الخدمت کے فلاحی کاموں میں دیں۔

بقیہ نمبر 14

مطابق سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اس سلسلے میں 41 کمپنیوں کو شوکاز نوٹسز جاری کر دیے ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق کمپنی لا کی خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 66 نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ایس ای سی پی نے بتایا کہ 33 کمپنیوں نے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس جمع نہیں کروائے جبکہ 26 کمپنیوں نے سالانہ ریٹرنز جمع نہیں کروائے۔ بتایا گیا ہے کہ 7 کمپنیوں نے سالانہ جنرل اجلاس منعقد نہیں کیے جبکہ 4 سرکاری کمپنیاں بغیر سی ای او کے کام کر رہی ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق اسٹیٹ لائف نے دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشوارے جمع نہیں کروائے۔ایس ای سی پی کے مطابق شوکاز نوٹسز پر قانونی کارروائی کے بعد جرمانے عائد کیے جائیں گے جبکہ ریگولیٹری کمپلائنس نہ کرنے والی سرکاری کمپنیوں کے نام ویب سائٹ پر جاری کیے جائیں گے۔مزید یہ کہ 48 سرکاری کمپنیوں کے بورڈز پر خواتین کی نمائندگی موجود نہیں ہے، جس پر ایس ای سی پی نے کمپنیوں کے بورڈ پر خواتین ڈائریکٹرز کی تعیناتی یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی ہے۔ترجمان ایس ای سی پی کے مطابق ایک خصوصی ونگ قائم کیا گیا ہے جو سرکاری کمپنیوں میں کمپلائنس کی نگرانی کرے گا اور ریگولیٹری کمپلائنس بہتر بنانے کے لیے رہنمائی اور معاونت فراہم کرے گا۔

بقیہ نمبر 15

میں انہوں نے کہا دراصل انصاف لائرز فورم اور حامد خان گروپ عمران خان کے نام کا ٹکٹ بیچتے ہیں اور مسلسل ایسے لوگوں کو ٹکٹ دیئے گئے جن کا تحریک انصاف سے کوئی تعلق نہیں، علیمہ بی بی سلمان راجہ اور حامد خان کو بھی پوچھیں صرف ارکان قومی یا صوبائی اسمبلی کو مورد الزام ٹھہرانا مناسب نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 16

جیسے قریب آتی جا رہی ہے، حسب روایت کھانے، پینے، پہننے اوڑھنے اور سجنے سنورنے کی تمام اشیا کے دام بھی بڑھتے جا رہے ہیں۔ کراچی میں مرغی کے گوشت کی قیمتوں کو پر لگ گئے ہیں۔ملک بھر میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور اب سے چند روز قبل تک 450 اور 500 روپے فی کلو فروخت ہونے والی چکن اب 700 روپے تک جا پہنچا ہے۔کراچی میں مرغی کا گوشت 650 روپے فی کلو سے 670 روپے کلو تک میں فروخت کیا جا رہا ہے جب کہ پشاور میں بھی مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت میں 50 روپے تک کا اضافہ ہوا ہے۔اس کے علاوہ آٹا، کوکنگ آئل اور گھی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے جب کہ مختلف پکوانوں میں استعمال ہونے والی سبزیوں کی قیمت بھی بڑھادی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 17

کہا محسن کش لوگ اس ریاست پہ حملہ آور ہیں جس نے 50 سال سے انکو پناہ گاہ میسر کی ہے، جو کمٹمنٹ کرتے ہیں اسکو آنر نہیں کرتے ۔ اربوں روپے کمٹمنٹ پوری کرنے کے لئے تاوان مانگتے ہیں۔ پاکستان کی مٹی نے نہ صرف ان کو پناہ دی بلکہ ان کے لئے ایک سپر پاور سے ٹکرا گئے ۔ 3 نسلوں کی مہمان نوازی کی، ہم نے اپنی 78 سالہ تاریخ میں بہت غلطیاں کیں لیکن انکی مہمان نوازی سب سے فاش غلطی ہے، اللہ ہمیں معاف کرے آمین!

بقیہ نمبر 18

کھیلنا واقعی ایک اعزاز تھا۔ بابر اعظم نے مزید کہا کہ آپ کی رہنمائی اور یقین کے ساتھ ساتھ پاکستان کرکٹ کو دیے گئے آپ کے یادگار لمحات کا شکریہ۔ آپ کی نئی زندگی کے اس مرحلے کے لیے کامیابی اور سکون کی دعا کرتا ہوں۔فخر زمان نے ایکس پر ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا ایک عظیم انسان، لیڈر اور کو ریٹائرمنٹ مبارک، بہترین کیریر پر آپ کو مبارک ہو، آپ کی خدمات کے لیے دل سے شکریہ۔ شان مسعود نے سرفراز احمد کو شاندار کیریر سے ریٹائرمنٹ پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا آپ کرکٹ کے لیے رول ماڈل ہیں، انہوں نے کھلاڑیوں پر اعتماد، جدوجہد اور یادگار لمحات پر سابق کپتان کا شکریہ ادا کیا۔ اسی طرح سابق فاسٹ بالر اور چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس میں سرفراز احمد کو کمیاب کیریر پر مبارک باد دیتے ہوئے مستقبل کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔سابق کپتان اظہر علی نے لکھا آپ کے ساتھ کھیلنا ہمیشہ یاد رہے گا، پاکستان کرکٹ ٹیم کے لیے آپ کا جذبہ، قیادت، اور عزم ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔علاوہ ازیں دیگر کھلاڑیوں نے بھی سابق کپتان کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا اور کامیاب کیریر پر مبارک باد پیش کی۔

بقیہ نمبر 19

صرف ایک ہی پروجیکٹ میں کام کرتی رہی ہیں لیکن ان کا ایک ہی پروجیکٹ بہت اچھا ہوتا ہے، جس وجہ سے ان کا کام ہمیشہ لوگوں کو یاد رہتا ہے۔ کہنا تھا کہ وہ ہمیشہ سے چیلنجنگ اور مشکل کردار ادا کرنا چاہتی تھیں اور یہ کہ وہ ہدایت کاروں کو بھی اولین پسند ہیں مزید کہا مجھے اس بات کی بہت خوشی ہے کہ شائقین نے میرے کام کو بہت پسند کیا ہے جو میرے لئے باعث فخر ہے۔

بقیہ نمبر 20

آئینی ریفرنڈم کی کامیابی پر صدر توکایف کو مبارکباد دی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ نئے آئین کے لیے زبردست ٹرن آؤٹ اور حمایت قازقستان کے عوام کے صدر توکایف کی دوراندیش قیادت اور اصلاحاتی ایجنڈے پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اصلاحات قازقستان میں نظم ونسق، ادارہ جاتی استحکام اور قومی ترقی کو مزید مستحکم کریں گی۔ گزشتہ ماہ صدر توکایف کے دورہ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے صدر کو یقین دلایا کہ پاکستان اس دورے کے دوران کیے گئے فیصلوں پر ترجیحی بنیادوں پر عملدرآمد یقینی بنا رہا ہے اس حوالے سے وزیراعظم نے کہا کہ دونوں فریق جلد ہی مجوزہ ایم او یوز اور معاہدوں پر نتیجہ خیز عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ملاقات کریں گے۔ صدر توکایف نے وزیراعظم کو اس سال کے آخر میں قازقستان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت دہرائی جسے وزیراعظم نے قبول کر لیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی پیشرفت بالخصوص افغانستان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور مشترکہ خوشحالی کے لیے بات چیت، تعاون اور روابط کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر صدر توکایف اور قازقستان کے برادر عوام کو بھی تہہ دل سے پیشگی مبارکباد پیش کی اور ان کی مسلسل امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 21

آور پسپا ہوگئے۔ تھانہ یکا خیل پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان 45 منٹ جبکہ چوکی فتح خیل پر ایک گھنٹے تک شدید فائرنگ کا تبادلہ ہو۔ پولیس کی جوابی کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد ہلاک جبکہ کئی دہشت گردوں کے زخمی ہونے کا خدشہ ہے۔ ہلاک دہشت گرد کے قبضے سے کلاشنکوف، ہینڈ گرنیڈ اور واکی ٹاکی برآمد ہوئی۔ پولیس اور سکیورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ ڈی آئی جی بنوں ریجن سجاد خان اور ڈی پی او بنوں نے پولیس اہلکاروں کی بروقت کارروائی کی تعریف کی۔ آئی جی پی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے پولیس اہلکار کی فرض شناسی اور دلیری کو سراہتے ہوئے نقد انعام اور توصیفی اسناد کا اعلان کیا۔آئی جی پی خیبر پختونخوا نے کہا کہ پولیس نے بروقت، مؤثر اور بھرپور کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم خاک میں ملا دیے۔

بقیہ نمبر 22

نوٹ حاصل کرنے کے لئے شہری اپنے قریبی بینک کی برانچ سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں، مخصوص بینکوں کے اے ٹی ایم سے بھی اعلی معیار کے نئے نوٹ نکالے جاسکیں گے۔کوئی بھی پاکستانی شہری جس کے پاس اصل اور معتبر قومی شناختی کارڈ موجود ہو اور رمضان المبارک کے دوران بینکوں کا دورہ کرنے والے افراد اہل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عید کے قریب آتے ہی نوٹوں کی طلب میں اضافے کی وجہ سے قلت پیدا ہوسکتی ہے، اس لیے شہری رمضان کے اوائل میں ہی نوٹ حاصل کر لیں۔بڑے شہروں کے بازاروں میں کچھ افراد اسٹالز لگا کر زائد قیمت پر نئے نوٹ فروخت کر رہے ہیں۔ تاہم، سٹیٹ بینک صورتحال کی نگرانی کر رہا ہے تا کہ نوٹوں کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 23

سرکاری اسلحہ چھیننے کا سنگین الزام بھی تھا۔ٹرائل کورٹ نے ملزمان کو 6، 6 بار سزائے موت اور عمر قید کی سزائیں سنائی تھیں، جنہیں بعد ازاں ہائی کورٹ نے برقرار رکھا تھا۔ عدالتِ عظمی نے ملزمان کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے فوری رہا کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ ملزمان ایف آئی آر میں نامزد نہیں تھے اور ان کی شناخت کا عمل مشکوک ہے۔ گواہان کا موقع پر موجود ہونا اور اتنے بڑے حملے میں کسی خراش کا نہ آنا غیر فطری ہے، لہذا شناخت پریڈ قانونی طور پر ناقابل قبول اور غیر محفوظ ہے۔عدالت نے فیصلے میں کہا کہ شناخت پریڈ سے قبل ہی ملزمان کی شناخت پولیس پر ظاہر ہو چکی تھی۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے ایک کیس میں پنڈی گھیب واقعے کا اعتراف کیا، تاہم جس کیس میں اعتراف ہوا اس میں ملزمان پہلے ہی بری ہو چکے ہیں۔ پہلے کیس میں بریت کے بعد ملزمان کا مبینہ اعتراف اپنی قانونی حیثیت کھو چکا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزمان کے خلاف ٹھوس اور آزادانہ شہادتیں پیش کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہا ہے، اس لیے ملزمان کو بری کیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 24

آپریشن میں سی ٹی ڈی نے پہلے سے گرفتار دہشت گردوں سے حاصل معلومات پر مشتبہ ٹھکانے کا محاصرہ کیا، دوران آپریشن دہشت گردوں سے شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، چار انتہائی مطلوب دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ حکام کے مطابق ہلاک دہشت گردوں میں سے تین کی فوری شناخت ہوگئی، چوتھا دہشت گرد نامعلوم رہا، بعدازاں انٹیلی جنس تحقیق کے بعد ہلاک دہشت گرد کی شناخت کر لی گئی، ہلاک دہشت گرد کالعدم بی ایل اے کے الفتح سکواڈ کا اہم کمانڈر سہیل بلوچ عرف گرک تھا۔ سی ٹی ڈی حکام نے بتایا کہ سہیل بلوچ عرف گرک فتنہ الہندوستان کا بدنام دہشت گرد تھا، سہیل بلوچ پہلے بلوچ لبریشن فرنٹ سے وابستہ رہا، 2022 میں بی ایل اے میں شامل ہوا اور اہم کمانڈر کے طور پر سرگرم رہا۔ دہشت گرد سہیل بلوچ متعدد بڑی دہشت گرد کارروائیوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھا، دہشت گردوں کی رابطہ کاری اور اسلحہ ولاجسٹک معاونت فراہم کرنا بھی سہیل بلوچ کی ذمہ داریوں میں شامل تھا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ خضدار میں ڈپٹی کمشنر پنجگور زاکر بلوچ کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی دہشت گرد سہیل بلوچ ملوث تھا، بی ایل اے کمانڈر سہیل بلوچ مختلف دہشت گرد حملوں میں 50 سے زائد سکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کے قتل میں ملوث تھا۔ حکام نے مزید بتایا کہ سہیل بلوچ بولان ایریا میں الفتح اسکواڈ کا کمانڈر تھا، رحمان گل، ملا امین اور ڈاکٹر نکھو کے ساتھ براہ راست رابطے میں تھا، جعفر ایکسپریس حملے کے لیے پانچ خودکش بمبار بھی سہیل بلوچ نے بھیجے تھے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گرد سہیل بلوچ سڑکوں پر ناکے لگا کر لوٹ مار کی کارروائیوں میں بھی ملوث رہا، سہیل بلوچ کی ہلاکت بی ایل اے کے دہشت گرد نیٹ ورک کے لیے بڑا دھچکا ہے، اس کارروائی سے کراچی میں ممکنہ بڑے دہشت گرد حملے کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا۔

بقیہ نمبر 25

ملاقات میں دوطرفہ تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو وزارت انسانی حقوق سے جاری پریس ریلیز کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے دونوں ممالک کے درمیان مفاہمتی یادداشت) ایم او یو (پر دستخط کا خیر مقدم کیا، جس میں صنعتی ترقی، خاندانی بہبود اور بچوں کی نشوونما سے متعلق شعبہ جات شامل ہیں۔ اس میں مشترکہ اقدامات، تبادلہ پروگرامز اور استعداد کار میں اضافے کی سرگرمیاں بھی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 26

غذائی ضروریات پوری کرنے اور زرعی شعبے کی برآمدات بڑھانے کے حوالے سے PARC کو ایک فعال ادارہ بنانے کیلئے گورننس ڈھانچے میں اصلاحات ، بہترین تحقیقی عملے کی خدمات، بین الاقوامی شراکت داری، صوبائی حکومتوں کے ساتھ بہتر روابط، اور کارکردگی کے واضح اہداف اصلاحاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں۔ PARC کے تحت کام کرنے والے تمام تحقیقی مراکز کو یکجا کر کے پانچ سنٹر آف ایکسیلنس بنائے جائنگے ۔ یہ سنٹرز زیادہ پیداوار والے بیج، اعلی نسل کے مویشی، پریسیشن ایگریکلچر، فارم میکانائزیشن اور اس میں اے آئی کا استعمال، اور زرعی شعبے کی برآمدات بڑھانے کے لیے فوڈ پروسیسنگ کے شعبوں میں تحقیق کا کام کرینگے۔ زرعی تحقیق کو انڈسٹری کے ساتھ جوڑا جائیگا۔

بقیہ نمبر 27

سیاسی صورت حال پر بات چیت کی گئی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی سے رکن قومی اسمبلی نبیل گبول نے ملاقات کی، اس موقع پر حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل اور ان کے حل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری سے ترجمان سندھ حکومت نادر گبول نے اسد گبول کے ہمراہ ملاقات کی، ملاقات میں لیاری کی سیاسی اور سماجی صورت حال پر گفتگو کی گئی۔چیئرمین پیپلز پارٹی سے ضلع کشمور کندھکوٹ کے رہنما رحمت اللہ ڈوکی کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں سیاسی صورت حال پر بات چیت کی گئی۔

بقیہ نمبر 28

اور متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔چینی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ چین جنگ بندی اور خطے میں امن کے لیے کوششیں جاری رکھے گا، خطے میں بڑھتے انسانی بحران کو روکنا عالمی ترجیح ہونی چاہیے۔چینی وزارت خارجہ کے مطابق مذاکرات اور سفارتکاری ہی مسائل کا واحد حل ہیں۔

بقیہ نمبر 29

کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران اس نوعیت کے دعوے سامنے آتے رہے ہیں، جن کی تصدیق بعد میں مختلف ذرائع سے ہوتی رہی ہے۔ جبکہ ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری علی لاریجانی کا ہاتھ سے لکھا پیغام سوشل میڈیا پر جاری کر دیا گیا۔ علی لاریجانی کا پیغام ایرانی بحریہ کے شہدا کی نماز جنازہ کے موقع پر لکھا گیا ہے۔ پیغام میں انہوں نے تحریر کیا کہ ایرانی بحریہ کے شہدا کی یاد ہمیشہ ایرانی قوم کے دل میں زندہ رہے گی۔ علی لاریجانی نے مزید تحریر کیا کہ یہ شہادتیں برسوں تک ایران کی فوج کی بنیاد کو مضبوط کریں گی۔ ایرانی سکیورٹی چیف نے مزید تحریر کیا کہ اللہ تعالی سے ان پیارے شہیدوں کے درجات کی بلندی کی دعا کرتا ہوں۔

بقیہ نمبر 30

بھجوانے کے پورے میکنزم کو شفاف اور فول پروف بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔اس حوالے سے کہا گیا کہ غیر قانونی ذرائع سے رقوم کی ترسیل کے تمام چینلز کی ہر سطح پر حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ بڑے منی لانڈرز پر مضبوط ہاتھ ڈالا جائے گا اور حوالہ ہنڈی کا کاروبار کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مقصد کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور وفاقی تحقیقاتی ایجنسی پر مشتمل ایک جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا جو تمام متعلقہ امور پر پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لے گا۔ اجلاس میں گورنر اسٹیٹ بینک نے بینکنگ چینلز کے ذریعے رقوم کی ترسیل کے نظام پر بریفنگ دی جبکہ ڈی جی ایف آئی اے، گورنر اسٹیٹ بینک اور وفاقی سیکرٹری خزانہ نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 31

ای-اسٹیمپنگ نظام سے جعلی اسٹامپ پیپر کا خاتمہ ممکن ہوگا جبکہ شہریوں کو سرکاری دفاتر کی قطاروں سے نجات ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ پانچ ماہ میں 7 لاکھ 30 ہزار سے زائد چالان پراسیس کیے جا چکے ہیں جبکہ ای -اسٹیمپنگ کے ذریعے 12.8 ارب روپے وصول کیے گئے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ اصلاحات صوبے میں گورننس کو جدید بنانے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہیں اور مقصد شفافیت، کارکردگی اور عوام کے لیے آسان رسائی کو بہتر بنانا ہے۔ سید مراد علی شاہ نے اعلان کیا کہ اگلے مرحلے میں مکمل پیپر لیس نظام متعارف کرایا جائے گا اور شہری موبائل و لیپ ٹاپ کے ذریعے اسٹامپ پیپر حاصل کر سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ پے ڈیجیٹل ادائیگی نظام بھی جلد متعارف کرایا جائے گا جس کے ذریعے شہری ٹیکس، فیس اور دیگر ادائیگیاں آن لائن کر سکیں گے۔

بقیہ نمبر 32

ساتھ تجارت میں مکمل سہولت فراہم کی، ایران کے ذریعے ٹرانزٹ تجارت کے لیے بھی مکمل سہولت فراہم کی گئی۔ مدثر علی ٹیپو نے مزید کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان زمینی سرحدیں معمول کے مطابق فعال اور تجارتی سرگرمیاں جاری ہیں، سرحدی مقامات پر گرین چینلز فعال ہیں جو دونوں جانب اشیا کی تیز تر ترسیل میں مدد دے رہے ہیں۔ پاکستان سفیر کا مزید کہنا ہے کہ سفارتخانہ تجارت میں ہر ممکن سہولت کے لیے پاکستان اور ایران میں سرکاری اور نجی دونوں شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد سے مسلسل رابطے میں ہے۔

بقیہ نمبر 33

کو کراچی کی بندرگاہ پر لنگر انداز ہوگا۔ ایم ٹی کراچی میں 8 کروڑ لیٹر خام تیل موجود ہے اور اسے آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایرانی حکام کی جانب سے خصوصی اجازت دی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق ایم ٹی کراچی نے آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایرانی سمندری حدود استعمال کیں جب کہ پاکستان نیوی نے جہاز کو مکمل سمندری تحفظ فراہم کیا۔ انٹرنیشنل میڈیا کے مطابق ایم ٹی کراچی میں لدے ہوئے خام تیل کی ادائیگی چینی کرنسی میں کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 34

کرنے پر مجبور کیا جائے۔ ایرانی صدر کا مزید کہنا تھا کہ جب تک آئندہ حملے بند کرنے کی ضمانت نہیں ملتی جنگ ختم کرنے کی بات بے معنی ہے۔

بقیہ نمبر 35

ہے۔البرٹ پی خوریف نے مزید کہا کہ ان کے علم کے مطابق پاکستان نے تاحال تیل کی خریداری کے لیے روس سے کوئی رابطہ نہیں کیا، تاہم جیسے ہی پاکستان رابطہ کرے گا، روس اسے رعایتی نرخوں پر تیل فراہم کرے گا۔ روس کے سفیر کا کہنا تھا کہ توانائی کا شعبہ پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں نہایت اہم حیثیت رکھتا ہے۔ روسی سفیر نے کہا کہ ایران کے ساتھ روس کے کئی دہائیوں پر محیط فوجی اور تکنیکی تعلقات موجود ہیں، اور ایران کا ردعمل ان امریکی فوجی تنصیبات کے خلاف تھا جو خلیجی آبناں میں موجود ہیں۔ البرٹ پی خوریف نے کہا کہ مشرق وسطی کی موجودہ صورتحال پر مزید تبصرہ نہیں کیا جاسکتا کیونکہ حالات غیر یقینی ہیں۔ روسی سفیر نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی فوجی پالیسیوں پر دنیا حیران ہے اور یہ کہنا مشکل ہے کہ موجودہ کشیدگی کب اور کیسے ختم ہوگی، کیونکہ حالات کافی پیچیدہ ہیں۔ انہوں نے ایران میں بچوں کے اسکول پر حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعے میں 170 بچوں کی ہلاکت انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

بقیہ نمبر 36

اورنگزیب نے کہا کہ ایندھن کی دستیابی کے حوالے سے ملک کی پوزیشن تسلی بخش ہے، گھبراہٹ میں خریداری یا غیر ضروری ذخیرہ اندوزی کی کوئی ضرورت نہیں۔ دوسری جانب سیکرٹری پیٹرولیم نے کہا ہیکہ 14 اپریل کے بعد ملک میں ایل این جی دستیاب نہیں ہوگی جس کے باعث اپریل میں پاور سیکٹر کی گیس ضرورت پوری نہیں کر سکیں گے۔

بقیہ نمبر 37

موجود ہے۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ ورک فرام ہوم کے حوالے سے سرکاری ای-آفس کی سہولت فراہم کرنے کے لئے خصوصی کنیکٹیویٹی کے انتظامات وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام کی جانب سے کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی طارق باجوہ، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور متعلقہ اعلی سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 38

جانا چاہیے۔ علاقائی ممالک کو بتایا تھا کہ خطے میں امریکی موجودگی سیکیورٹی کی ضمانت نہیں، پائیدار علاقائی سلامتی ضروری ہے، اسے باہر سے مسلط نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ نمبر 39

یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ 23 مارچ 2026 کو یوم پاکستان کی پریڈ اور اس سے منسلک تمام تقریبات منعقد نہیں کی جائیں گی۔ تاہم اس دن کو وقار اور احترام کے ساتھ سادہ پرچم کشائی کی تقریبات کے ذریعے منایا جائے گا، یہ اقدام اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا جا رہا ہے کہ قوم کی یوم پاکستان کے نظریات سے وابستگی، استقامت اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ ساتھ وسیع تر کفایت شعاری پالیسی کو بھی برقرار رکھا جائے۔ اعلامیہ کے مطابق تمام وزارتوں، ڈویژنز اور محکموں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس موقع کو سادگی اور پروقار طریقے سے منائیں تا کہ محدود تقریبات کے باوجود اس دن کی اہمیت اور اس کا حقیقی پیغام برقرار رکھا جا سکے۔

بقیہ نمبر 40

کہ ایران سے امریکہ کو " کوئی فوری خطرہ "لاحق نہیں تھا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے "یہ جنگ اسرائیل اور اس کی طاقتور امریکی لابی کے دبا پر شروع کی ہے۔ 45"سالہ کینٹ امریکی اسپیشل فورسز اور سی آئی اے کے تجربہ کار اہلکار ہیں جن کی اہلیہ نیوی کرپٹولوجک ٹیکنیشن شینن کینٹ، 2019 میں شام میں ایک خودکش دھماکے میں ماری گئی تھیں۔ کینٹ نے الزام لگایا کہ "اعلی سطح کے اسرائیلی حکام" اور بااثر امریکی صحافیوں نے ایسی "غلط معلومات" پھیلائیں جس کی وجہ سے ٹرمپ نے اپنے "امریکہ فرسٹ" "پہلے امریکہ (کے منشور کو کمزور کیا۔ خط میں مزید کہا گیا کہ "اس پروپیگنڈے کو آپ کو یہ یقین دلانے کے لیے استعمال کیا گیا کہ ایران امریکہ کے لیے ایک فوری خطرہ بن چکا ہے۔ یہ ایک جھوٹ تھا۔"

بقیہ نمبر 41

داخل ہو رہی ہے، نیو ورلڈ آرڈر کے بعد اگر ہم فیصلوں کی میز پر نہ ہوئے تو فیصلوں کا شکار ہو جائیں گے، پاکستان نے عالمی سطح پر آنے والی معاشی تبدیلیوں سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا اور اندرونی سیاسی کشمکش کی وجہ سے ترقی کے کئی مواقع ضائع ہو گئے ۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ دراصل دنیا ایک مہینے میں نہیں بدلی بلکہ ایسے رجحانات پہلے سے موجود تھے جواب واضح ہو گئے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے جو عالمی نظام تشکیل دیا تھا اس کا مقصد یہ تھا کہ بڑی جنگوں کو روکا جائے اور عالمی سیاست، تجارت اور بین الاقوامی قوانین کے ذریعے دنیا کو منظم کیا جائے۔خرم دستگیر خان نے کہا کہ اسی پس منظر میں اقوام متحدہ جیسے ادارے وجود میں آئے اور عالمی تجارت کو فروغ دینے کے لیے مختلف نظام تشکیل دیئے گئے، اس کے ساتھ ساتھ سرد جنگ کے دوران امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان نظریاتی اور فکری مقابلہ بھی جاری رہا۔ انہوں نے کہا کہ اس دور میں جمہوریت، انسانی حقوق اور سرمایہ دارانہ نظام کو کامیابی کی علامت کے طور پر پیش کیا گیا۔ اگرچہ امریکہ نے کئی مواقع پر خود بھی اس نظام کی خلاف ورزی کی، جیسے کوریا، ویتنام، کمبوڈیا، عراق اور افغانستان کی جنگیں، لیکن اس کے باوجود ایک عالمی نظام موجود تھا جس کے تحت یہ اصول تسلیم کیا جاتا تھا کہ کسی ملک کی سرحدوں کو جنگ کے ذریعے تبدیل نہیں کیا جائے گا۔ خرم دستگیر خان کے مطابق حالیہ ایران جنگ نے اس عالمی نظام کو تقریبا ختم کر دیا ہے، اب بین الاقوامی قانون کی حیثیت کمزور ہو چکی ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے دنیا پہلی جنگ عظیم سے پہلے والے دور کی طرف لوٹ رہی ہے جہاں طاقتور ممالک اپنی مرضی سے فیصلے کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی عالمی طاقت کے طور پر برتری میں بتدریج کمی آ رہی ہے، تاہم اس عمل میں وقت لگے گا کیونکہ امریکہ کے پاس اب بھی ٹیکنالوجی، تعلیمی اداروں اور تحقیق کا مضبوط نظام موجود ہے۔ خرم دستگیر خان نے کہا کہ اس کے مقابلے میں چین تیزی سے ابھر رہا ہے اور ٹیکنالوجی سمیت کئی شعبوں میں امریکہ کے قریب پہنچ چکا ہے۔ چین نے تحقیق اور نئی ٹیکنالوجی میں بہت سرمایہ کاری کی ہے اور الیکٹرک گاڑیوں جیسے شعبوں میں دنیا کی بڑی کمپنیوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے میدان میں بھی چین تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور کم قیمت ٹیکنالوجی کے ذریعے عالمی مقابلے میں نمایاں ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 42

سمیت 5 افراد کو نامزد کیا گیا ہے، متن کے مطابق ملزمان نے دکان کی چھت پر رقم تقسیم کرنے کی مجرمانہ غفلت کی، ملزمان کی مجرمانہ غفلت کے باعث چھت گرنے سے خواتین جاں بحق اور زخمی ہوئیں۔ ڈی پی او عرفان سمو نے بتایا کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، قصورواروں کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز رحیم یار خان میں امدادی رقوم کی نجی ادارے کے ریٹیلر ایجنٹ کے توسط سے تقسیم کے موقع پر دکان کی چھت گر گئی تھی۔ دکان کی چھت گرنے سے 8 خواتین جاں بحق اور 80 سے زائد کے زخمی ہو گئیں۔

بقیہ نمبر 43

کے مطابق عدالت نے پی آئی اے کی ملازمہ کو تمام فوائد و واجبات کی ادائیگی کا بھی حکم دیا۔ عدالت کا کہنا تھا کہ ماتحت فورمز کے فیصلوں میں کوئی بے ضابطگی ثابت نہیں ہوئی، ایسی صورت میں ہائیکورٹ کی مداخلت کا جواز نہیں ہے۔ وکیل پی آئی اے کا کہنا تھا کہ صائمہ حفیظ سومرو کو 2017 میں نوکری سے غیر حاضر رہنے پر شوکاز نوٹس جاری کیا گیا، انکوائری کے بعد ملازمہ کو ملازمت سے برطرف کیا گیا۔ وکیل ملازمہ نے کہا کہ ماتحت عدالت نے شواہد کو نظر انداز کر کے ملازمہ کی برطرفی کالعدم قرار دی، درخواست گزار اپنے والد کی علالت کے باعث رخصت پر تھیں۔ وکیل ملازمہ نے کہا کہ درخواست گزار کے پاس مناسب چھٹیاں موجود تھیں تاہم ایچ آر نے چھٹیاں منظور نہیں کیں، ملازمہ کو شوکاز نوٹس قانونی مدت گزر جانے کے بعد جاری کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انکوائری کے دوران ملازمہ کو گواہوں کر جرح کا حق بھی نہیں دیا گیا، ملازمہ کے خلاف کی گئی تمام کارروائی غیر قانونی تھی۔

بقیہ نمبر 44

نے اس بات پر زور دیا کہ مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد مؤثر راستہ ہیں۔

بقیہ نمبر 45

پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی پاکستان دوست جماعت ہے، ہر قدم سوچ سمجھ کے اٹھائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی سلیت پاکستان کی بقا ہمارے لیے اہم ترین ہے۔ سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ اسرائیل اور امریکا کی جانب سے جارحیت کی گئی۔ پوری امت مسلمہ متحد ہے، ہم اس جارحیت کے خلاف کھڑے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ایرانی قوم اس وقت ڈٹ گئی ہے، یہ سب کیلئے مشعل راہ ہے۔ آپ پر جب حملہ ہو تو دین کیلئے کھڑا ہونا ہوتا ہے جو ایرانی قوم نے کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم یہاں موجود ہیں، بہنیں بھی موجود ہیں، دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 46

غیر انسانی سلوک ہے۔ راولپنڈی میں اڈیالہ ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ملاقاتوں کو اس حد تک روکنا حقوق کی خلاف ورزی اور مجرمانہ فعل ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ یہ بانی پی ٹی آئی کا تیسرا رمضان اور آج 955 دن ہوگئے جیل میں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک تقسیم اور نفرت کا متحمل نہیں ہوسکتا، حالات کا ادارک کریں۔ ملاقاتوں کو بند کرنے سے حالات بہتر نہیں ہوں گے۔

یورپی ممالک کا آبنائے ہرمز میں فوجی کارروائی کا حصہ بننے سے صاف انکار

فوجی کارروائی میں حصہ نہیں لیں گے، تاہم وآبنائے ہرمز میں محفوظ بحری گزرگاہ کو یقینی بنانے کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت کرینگے، جرمن

اس تنازع کو نیٹو مشن نہیں سمجھتا اور وہ وسیع جنگ میں شامل نہیں ہوگا، البتہ اتحادیوں کے ساتھ مختلف آپشنز پر بات چیت جاری ہے، برطانیہ

برسلز(ویب ڈیسک)یورپی ممالک نے آبنائے ہرمز میں فوجی کارروائی میں حصہ لینے سے انکار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ ایران سے جاری تنازع میں براہ راست شامل نہیں ہونا چاہتے۔ یورپی یونین کے اجلاس کے موقع پر جرمنی کے وزیر خارجہ یوہان واڈیفل نے کہا کہ ان کا ملک موجودہ تنازع میں کسی فوجی مشن میں شامل ہونے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکا اور اسرائیل کو اپنے اہداف اور حکمت عملی کے بارے میں اتحادیوں کو واضح معلومات فراہم کرنی چاہئیں۔ جرمنی کے وزیر دفاع بورس پسٹوریس نے بھی کہا کہ ان کا ملک فوجی کارروائی میں حصہ نہیں لے گا، تاہم وہ آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری گزرگاہ کو یقینی بنانے کے لیے سفارتی کوششوں کی حمایت کرے گا۔ برطانیہ کے وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے بھی واضح کیا کہ ان کا ملک اس تنازع کو نیٹو مشن نہیں سمجھتا اور وہ وسیع جنگ میں شامل نہیں ہوگا، البتہ اتحادیوں کے ساتھ مختلف آپشنز پر بات چیت جاری ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی شہر تل ابیب میں کئی علاقوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

Help Disk
کے پی کے پولیس آپکا محافظ
Lost & Found
پشاور کی صدر روڈ پر عیدالفطر کی تقریبات سے قبل سیکیورٹی سخت کردی گئی

پنجاب حکومت کا سی سی ڈی کو نئی ذمہ داری دینے کا فیصلہ

مسودے میں غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کے تحت سی سی ڈی کو ٹاسک سونپ دیا گیا

لاہور(ویب ڈیسک)پنجاب حکومت نے غیر قانونی اسلحہ کے خاتمے کیلئے کرائم کنٹرول ڈپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کو ذمہ داری دینے کا فیصلہ کر لیا، پنجاب سرنڈر آف الیسٹ آرمز ایکٹ 2026 کا مسودہ تیار ہے جو جلد اسمبلی پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق مسودے میں غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کے تحت سی سی ڈی کو ٹاسک سونپ دیا گیا، شہریوں کو 15 دن میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کو متنازعہ، رسوا اور عالمی تنہائی کا شکار کروا دیا ہے، خواجہ سعد رفیق

لاہور(ویب ڈیسک)لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے امریکہ کو پھر سے عظیم اور طاقتور بنانے کا نعرہ لگا کر صدارتی انتخاب جیتنے والے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کو متنازعہ، رسوا اور عالمی تنہائی کا شکار کروا دیا ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا لاطینی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر5



اندرونی سیاسی کشمکش کی وجہ سے ترقی کے کئی مواقع ضائع ہوگئے، خرم دستگیر

لاہور(ویب ڈیسک)سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر خان نے کہا ہے کہ دنیا میں گزشتہ ایک ماہ کے واقعات نے دوسری جنگ عظیم کے بعد قائم ہونے والے عالمی نظام کو شدید دھچکا پہنچایا ہے اور اب عالمی سیاست ایک نئے دور میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

ایران جنگ پر امریکی انسداد دہشت گردی کے اعلیٰ عہدیدار کا استعفیٰ

واشنگٹن(ویب ڈیسک)ٹرمپ انتظامیہ میں انسداد دہشت گردی کے اعلیٰ ترین عہدیدار نے ایران کے ساتھ جنگ کی مخالفت کرتے ہوئے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اور صدر پر زور دیا ہے کہ وہ اس حوالے سے اپنا فیصلہ واپس لیں۔ بی بی سی نیوز کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر پوسٹ کیے گئے ایک خط میں نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر کے ڈائریکٹر جو کینٹ نے کہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

ایرانی سفیر کی نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات، مشکل وقت میں پاکستان سے ملنے والی بھرپور اخلاقی حمایت پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پاکستان میں تعینات ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی، جس میں ایرانی سفیر نے مشکل وقت میں پاکستان کے عوام کی جانب سے ملنے والی بھرپور اخلاقی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے حالیہ تنازع میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور جلد پرامن حل کی امید ظاہر کی۔ انہوں نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

خانہ بدوش چینل موری نہر پر کپڑے دھو رہے ہیں

عدالت کا پی آئی اے کی ملازمہ کی بحالی کا فیصلہ برقرار رکھنے کا حکم

لاہور(ویب ڈیسک)پی آئی اے کی ملازمہ کی نوکری سے برطرفی کالعدم قرار دینے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی جس میں عدالت نے پی آئی اے کی ملازمہ کی بحالی کا فیصلہ برقرار رکھنے کا حکم صادر کردیا۔ تفصیلات کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

رحیم یار خان میں چھت گرنے سے ہلاکتیں، مقدمہ درج

رحیم یار خان (ویب ڈیسک)رحیم یار خان میں امدادی رقوم کی تقسیم کے دوران دکان کی چھت گرنے سے 8 خواتین کے جاں بحق ہونے کے واقعے کا مقدمہ امدادی ادارے کی مدعیت میں تھانہ ایئرپورٹ میں درج کرلیا گیا۔ مقدمے میں حادثے کا ذمہ دار ڈیوائس ایجنٹ قرار دیا گیا ہے۔ ڈی پی او عرفان سمو کے مطابق مقدمہ میں نجی ادارہ کے ریٹیلر ڈیوائس ایجنٹ سمیت 5 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

دو سال میں مریم نواز نے 100 سے زائد منصوبے شروع کر کے ریکارڈ قائم کیے، عظمیٰ بخاری

لاہور(ویب ڈیسک)وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز ایک شفیق ماں کی طرح پنجاب کے لوگوں کی خدمت کر رہی ہیں۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ پنجاب میں اب حکومت خود چل کر لوگوں کے گھر تک پہنچ رہی ہے۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

عمران خانؒ کی دوسری آنکھ خراب ہونے کا خدشہ ہے

علیمہ خان

ہمارا اصل مسئلہ بانی کا علاج ہے، فیملی کا اصل مسئلہ بانی کا علاج ہے، سرکاری رپورٹ کو ہم مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں اور سرکاری ڈاکٹروں پر یقین نہیں کرتے

ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے، اگر عید کے بعد علاج نہ کروایا اور ملاقات نہیں ہونے دی تو حالات بدلیں گے، اڈیالہ کے قریب میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک کے بانی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے سرکاری رپورٹ کو مسترد کرتے ہیں اور حکومتی ڈاکٹروں پر یقین نہیں ہے، اب ہمیں عمران خان کی دوسری آنکھ خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق اڈیالہ جیل ماربل فیکٹری ناکے کے قریب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ آج جیل کے باہر رمضان کی آخری افطاری تھی، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

بلیک لسٹ کی گئی 23 ہزار گاڑیوں کیخلاف عید کے بعد سخت کارروائی کا اعلان

27 اکتوبر 2025 سے اب تک تقریبا 6 لاکھ ای ٹکٹس جاری کیے جاچکے ہیں' اجلاس میں بریفنگ

کراچی (ویب ڈیسک)ٹریفک پولیس نے شہر قائد میں بلیک لسٹ کی گئی 23 ہزار گاڑیوں کے خلاف عید کے بعد سخت کارروائی کا اعلان کیا ہے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت کراچی میں ٹریفک انتظامات اور فیس لیس ای ٹکٹنگ سسٹم کی مجموعی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا۔ سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جیز سندھ پولیس ہائی وے پیٹرولنگ، سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی ڈویژن، ہیڈکوارٹرز، ٹریفک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

عیدالفطر سے پہلے کوئٹہ کے باچا خان چوک میں عید کی خریداری عروج پر ہے

اڈیالہ جیل میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ملاقات

ملاقات کے دوران عدالتوں میں زیر سماعت اپیلوں کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی

راولپنڈی(ویب ڈیسک)اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے ملاقات کروا دی گئی۔ اڈیالہ جیل ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی اور عمران خان کی ملاقات کانفرنس روم میں کروائی گئی جو آدھے گھنٹے تک جاری رہی۔ ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کے علاج، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

جاپانی سیاحتی وفد موہنجوداڑو کے عالمی ورثہ کے مقامات میں گہری دلچسپی ظاہر کرتا ہے

کومنگ آپریشن' 15 افغان باشندوں سمیت 22 افراد گرفتار

راولپنڈی(ویب ڈیسک) راولپنڈی اور اسلام آباد میں پولیس اور سکیورٹی اداروں کے کومنگ آپریشنز میں 15 افغان باشندوں سمیت 22 افراد گرفتار کر لئے گئے۔ اسلام آباد میں ماڈل ٹاؤن، ہمک اور ملحقہ علاقوں سے 5 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

طارق روڈ کے دبئی شاپنگ مال آگ لگ گئی، کئی دکانیں متاثر

ریسکیو آپریشن کے دوران دھوئیں کے باعث دو فائر فائٹرز، بلال اور سکندر، کی حالت غیر ہوگئی

کراچی (ویب ڈیسک)شہر قائد کے مصروف تجارتی مرکز طارق روڈ پر واقع دبئی شاپنگ مال کے بیسمنٹ میں قائم گودام اور دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول کو اطلاع ملتے ہی فائر اینڈ ریسکیو ٹیمیں، ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں فوری طور پر جائے وقوعہ پر روانہ کردی گئیں اور آگ بجھانے کا عمل شروع کیا گیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ شاپنگ مال .....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس: عدالت نے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو طلب کرلیا

پشاور(ویب ڈیسک)9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں انسداد دہشتگردی عدالت نے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو طلب کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق انسداد دہشتگردی عدالت پشاور میں 9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس کی دوبارہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

حکومت نے پینک بٹن اور باڈی کیم کی خریداری بارے سمری منظور کرلی

پینک بٹن تھانوں کے متعلقہ فوری شکایات کے اندراج کے لئے تھانوں کے باہر نصب کیے جائیں گے

لاہور(ویب ڈیسک)پنجاب حکومت نے پینک بٹن اور باڈی کیم کی خریداری کے لئے آئی جی پنجاب کی جانب سے بھجوائی گئی فنڈز فراہمی کی سمری منظور کرلی۔ پولیس حکام کے مطابق شہریوں کی شکایات کے بروقت اندراج اور ازالے کے لئے پینک بٹن جبکہ آپریشن، کرائم مانیٹرنگ اور انویسٹی گیشن کو شفاف بنانے کے لئے باڈی کیم کی تنصیب ہوگی۔ حکام کا کہنا تھا کہ لاہور کے 84 سمیت پنجاب بھر کے 746 تھانوں اور 350 چوکیوں پر ایک ہزار 96 پینک بٹن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

لاہور: شہری رمضان المبارک کے دوران عیدالفطر سے پہلے خریداری میں مصروف ہیں

پنجاب میں غیر قانونی اسلحہ کے خاتمے کیلئے نیا قانون تیار

اسلحہ لائسنس ہولڈرز کی جانچ پڑتال اور انسپکشن کا نیا نظام متعارف کیا گیا، لائسنس رکھنے والوں کا ٹیکس ریکارڈ اور کریمنل ہسٹری بھی چیک کی جائیگی

بیرون ملک افراد کو واپسی کے 14 دن میں اسلحہ جمع کرانے کی اجازت ہوگی، ایکسپائر لائسنس رکھنے والوں کو تجدید کا آخری موقع دیا جائے گا

لاہور(ویب ڈیسک)پنجاب میں غیر قانونی اسلحہ کے خاتمے کیلئے پنجاب حکومت کا بڑا اقدام، غیر قانونی اسلحہ خاتمے کیلئے نیا قانون تیار کر لیا گیا۔ پنجاب حکومت نے غیر قانونی اسلحہ کے خاتمے کیلئے سی سی ڈی کو ذمہ داری دینے کا فیصلہ کیا ہے، پنجاب سرنڈر آف الیسٹ آرمز ایکٹ 2026 کا مسودہ محکمہ داخلہ نے تیار کرلیا جو جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ بل کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

کراچی میں مارا جانے والا دہشتگرد بی ایل اے کا اہم کمانڈر سہیل بلوچ نکلا

کراچی(ویب ڈیسک) کراچی میں بلوچستان لبریشن آرمی کے خلاف سی ٹی ڈی کی بڑی کامیابی مل گئی، شاہ لطیف ٹاؤن ملیر میں مارا جانے والا دہشت گرد بی ایل اے کا اہم کمانڈر نکلا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق سترہ فروری کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

آبنائے ہرمز سے گزرنے والا پہلا پاکستانی جہاز ملکی حدود میں داخل

کراچی (ویب ڈیسک) آبنائے ہرمز سے گزر کر آنے والا پہلا پاکستانی بحری جہاز ایم ٹی کراچی خلیج عمان سے بحیرہ عرب میں داخل ہوگیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ جہاز پاکستان کی سمندری حدود میں داخل ہو چکا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ بحری جہاز 18 مارچ کو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

لاہور: اپنے خاندان کے افراد کے ساتھ منانے کے لیے شہری خصوصی عید ٹرین سے جانے کی تیاری کر رہے ہیں

شک کا فائدہ؛ سپریم کورٹ نے قتل اور دہشتگردی کے مقدمے میں تمام ملزمان بری کردیے

ٹرائل کورٹ نے ملزمان کو 6، 6 بار سزائے موت اور عمر قید کی سزائیں سنائی تھیں

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سپریم کورٹ کے جسٹس اشتیاق ابراہیم نے پنڈی گھیب قتل اور دہشت گردی کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتِ عظمیٰ نے ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ کی جانب سے ملزمان کو دی گئی سزائے موت کے فیصلے کالعدم قرار دے دیے۔ یاد رہے کہ واقعہ یکم مئی 2011 کو پنڈی گھیب میں پیش آیا، جہاں پولیس اہلکاروں پر فائرنگ سے سب انسپکٹر محمد رمضان سمیت 6 اہلکار جاں بحق ہوئے تھے۔ ملزمان پر آئل ٹینکرز کو آگ لگانے اور سرکاری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

لاہور میں امریکی قونصل خانے کے قریب سیکیورٹی میں اضافہ کردیا گیا

اسٹیٹ بینک نے ملک بھر میں نئے کرنسی نوٹوں کی تقسیم کا عمل شروع کردیا

عید کے قریب آتے ہی نوٹوں کی طلب میں اضافے کی وجہ سے قلت پیدا ہوسکتی ہے، ذرائع

کراچی (ویب ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے تمام کمرشل بینکوں کو نئے نوٹوں کی سپلائی فراہم کردی گئی ہے تاکہ عام شہری باآسانی انہیں حاصل کر سکیں۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کی سہولت کے لیے ملک بھر میں نئے کرنسی نوٹوں کی تقسیم کا عمل شروع کر دیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ تمام کمرشل بینکوں کو نئے نوٹوں کی سپلائی فراہم کردی گئی ہے تاکہ عام شہری باآسانی انہیں حاصل کر سکیں۔ نئے کرنسی نوٹ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

الخدمت نے رمضان فوڈ پیکیج کے تحت مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کردیا

راشن کی فراہمی کا مقصد کمزور طبقے کو ماہ مقدس کی خوشیوں میں شریک کرنا تھا، نوید علی بیگ

کراچی(ویب ڈیسک)الخدمت نے رمضان فوڈ پیکیج کے تحت ہزاروں مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کردیا۔ 7 ہزار روپے مالیت کے راشن میں آٹا، چینی، چاول، بیسن، کھجور، چائے کی پتی، پکوان تیل، مشروبات سمیت دیگر اشیائے ضروریہ شامل تھیں۔ مستحق خاندانوں کو راشن کی فراہمی کا خصوصی انتظام کیا گیا تھا اور اس کیلئے الخدمت نے شہر کے مختلف علاقوں فیڈرل بی ایریا، نارتھ کراچی، کورنگی انڈسٹریل ایریا، فیڈرل بی انڈسٹریل ایریا، سائٹ ایریا میں فوڈ حب قائم کیے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد کے ریٹائرمنٹ کے اعلان پر پاکستانی کھلاڑیوں کا خراجِ تحسین

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق اور موجودہ کھلاڑیوں نے چیمپئنز ٹرافی 2017 کے فاتح کپتان سرفراز احمد کو ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر سرفراز احمد کی ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد جاری اپنے پیغام میں سٹار بیٹر بابر اعظم نے کہا کہ سیفی بھائی، آپ کی قیادت میں کھیلنا واقعی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر18

کمپلائنس کی خلاف ورزیوں پر ایس ای سی پی نے ایکشن لے لیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سرکاری کمپنیوں میں گورننس بہتر بنانے کے لیے حکومتی اصلاحات کے تحت ایس ای سی پی نے اہم اقدام کرتے ہوئے ریگولیٹری کمپلائنس کے معاملے پر بڑا ایکشن لے لیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

عید قریب آتے ہی مرغی کے گوشت کی قیمتوں کو پر لگ گئے

کراچی (ویب ڈیسک)عید جوں جوں قریب آ رہی ہے حسب روایت ہر شے کی قیمت بڑھتی جا رہی ہے مرغی کے گوشت کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئے ہیں۔ عیدالفطر کا تہوار آنے میں اب چند دن ہی باقی گئے ہیں۔ عید جیسے جیسے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

انصاف لائرز فورم اور حامد خان گروپ عمران خان کے نام کا ٹکٹ بیچتے ہیں، فواد چودھری

لاہور ہائیکورٹ اور بار کونسلو کے ارکان جن کو انصاف لائرز فورم نے ٹکٹ دیئے وہ علیمہ بی بی کے ساتھ کیوں نہیں جاتے؟

لاہور(ویب ڈیسک)سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کا کہنا ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ ملاقاتوں کا دن ہوتا ہے تو لاہور ہائیکورٹ اور بار کونسلو کے ارکان جن کو انصاف لائرز فورم نے ٹکٹ دیئے وہ علیمہ بی بی کے ساتھ کیوں نہیں جاتے؟ اپنے ایکس بیان .....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

تھانہ بکا خیل اور چوکی فتح خیل پر دہشت گردانہ حملہ ناکام

اسلام آباد(ویب ڈیسک)تھانہ بکا خیل اور چوکی فتح خیل پر علی الصبح فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے دونوں حملے کو ناکام بنادیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کی بروقت اور بھرپور جوابی کارروائی حملہ آور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

وزیراعظم کی قازقستان کے صدر سے ٹیلی فونک گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریہ قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایف سے ٹیلی فون پر گفتگو کی جس دوران وزیراعظم نے 15 مارچ 2026 کو قازقستان میں ہونے والے تاریخی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

شائقین نے میرے کام کو بہت پسند کیا ہے جو میرے لئے باعث فخر ہے، مہوش حیات

لاہور(ویب ڈیسک)اداکارہ مہوش حیات نے کہا ہے کہ ان کی خواہش ہے کہ جو لڑکیاں ان کی اداکاری دیکھتی ہیں، انہیں پسند کرتی ہیں، وہ انہیں آئیڈیل کے طور پر دیکھ کر انسپائریشن لیں۔ مہوش حیات نے کہا کہ انہوں نے کم لیکن اچھا کام کیا ہے، جس وجہ سے ان کا نام اور چہرہ لوگوں کے ذہنوں میں نقش ہو چکا ہے۔ ان کے مطابق عام طور پر وہ سال میں صرف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

افغانیوں کی مہمان نوازی سب سے فاش غلطی ہے

خواجہ آصف

اربوں روپے کمٹمنٹ پوری کرنے کے لئے تاوان مانگتے ہیں، پاکستان کی مٹی نے نہ صرف ان کو پناہ دی بلکہ ان کے لئے ایک سپر پاور سے ٹکرا گئے

محسن کش لوگ اس ریاست پہ حملہ آور ہیں جس نے 50 سال سے انکو پناہ گاہ میسر کی ہے، جو کمٹمنٹ کرتے ہیں اسکو آنر نہیں کرتے، وزیر دفاع

اسلام آباد(ویب ڈیسک)افغان طالبان رجیم کے الزامات پر ردعمل دیتے ہوئے وفاقی وزیر خواجہ محمد آصف کا کہنا ہے یہ دعویٰ انگلی طرف سے آ رہا ہے جو مسجدوں پہ حملے کرواتے ہیں، سربسجود نمازیوں کو شہید کرتے ہیں۔ نہتے شہریوں، مارکیٹوں اور سکولوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ معصوم بچوں کو خون سے نہلاتے ہیں، منشیات کی اسمگلنگ جنکا ذریعہ آمدن ہو۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر17